قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! میرا خیال یہ ہے کہ کسی تحریک کو admit کرنا بجائے خود اس بات کی علامت ہے کہ یہ سینیٹ اس مسئلے کی اہمیت کا احساس کرتی ہے۔ اس لئے آپ کی بات درست ہے کہ اس سے کسی کا پیٹ تو نہیں بھرے گا لیکن اس کے admit ہونے سے یہ فائدہ ہو گا کہ یہ بات تسلیم کر لی جائے گی اس ایوان کے اندر کہ یہ اہم مسئلہ ہے اور حکومت پر اس کا ایک اضافی دباؤ ہو گا۔ اس لئے میری درخواست ہے اور جس طرح آپ نے خود فرمایا ہے کہ میرا میلان بھی اس طرف ہے اگر آپ کا میلان اس طرف ہے اور کافی دلیل بھی ہے تو آپ اس کو admit کر لیجئے۔ شکریہ !

جناب چیئرمین : جی مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! میں اس کی حمایت کرتا ہوں کیونکہ بعض مسائل انسانی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ اس میں اگر ہم صوبائی، مرکزی امتیازات کو چھوڑ بھی دیں تو اس سے کوئی اتنا فرق نہیں پڑے گا وہ لوگ بالکل موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں اگر آپ اس کو admit کر لیں گے تو کم از کم وہ لوگ کہیں گے کہ سینیٹ نے ہمارے لئے ہمدردی کی کوئی بات کی ہے۔ اس سے سینیٹ کا وقار بلند ہو گا۔

جناب چیئرمین : مصیبت یہ ہے کہ ہم اپنے وقار کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں جو مسئلہ حل کرنا، یا حل طلب ہے اسکو حل کرنے کی کوشش نہیں کرتے ..............................

مولانا سمیع الحق : مسائل تو یہیں سے حل ہونگے۔

جناب چیرمین : فرض کیجئے تحریک admit ہو گئی۔ اس کے لئے ایک دن بھی مقرر ہو گیا۔ دو گھنٹے کی ڈسکشن بھی ہو گئی اور اس کے بعد result کیا ہو گا۔ یہی کہ گورنمنٹ نے کیا کرنا ہے۔ لیکن آج اگر گورنمنٹ اس کے لئے تیار ہے کہ جو کچھ آپ کی تجاویز ہیں ان پر آپ کو assurance دیتے ہیں کہ یہ ہم کر رہے ہیں صوبائی حکومت کو consult کر کے اور اپنی جو تجاویز ہیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں وہ آپ کے سامنے لے آئیں گے پھر اگر آپ اس سے مطمئن نہیں ہوں گے تو پھر اور کچھ کریں گے۔

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir:** Mr. Chairman, I strongly support the suggestion which has come from the Chair. The word 'intervention' used by Senator Javed Jabbar is a very inappropriate word and I do not think that the Federal Government is entitled to intervene in a provincial matter. I have full sympathy with the issue which is being debated. We should take notice of it and I think the Government has taken note of it and a very serious note. I am sure the assurance which is going to be given by the Minister of State in a little while, should satisfy all of us. If it does not satisfy we would come back here day after tomorrow and then we can discuss the matter. The issue is that the Government has taken note of it and the Government will take it very seriously. I have no doubt about it that the Government cannot allow 500,000 people to suffer on account of lack of water and other facilities. So, let us take your suggestion into account and allow the Government to proceed with it.

**Mr. Chairman:** But let us hear finally from the Minister what he wants to do.

**Mr. Javed Jabbar:** With reference to the very peculiar procedural position we are in,you could consider holding the motion in order and subsequently if the Government comes back with the statement, the motion need not be debated on the floor of the House because if one is satisfied that the necessary steps have been taken then the real purpose of pressing the motion will have been achieved.

**Mr. Chairman:** Unfortunately we are too wedded to concepts. If you want to go by the rules, by the book I mean, then probably it is debatable whether the motion should be admitted, although I have said and I am still in its favour because of the seriousness and the gravity of the problem. If you go strictly by the rules I do not think it is admissible. I have got the book before me and I can read out all the relevant clauses, then it would not be admissible. Firstly, it is a provincial affair. The Federal Government can not interfere. If the Province asks for any assistance it becomes the duty of the federation to provide that assistance legitimately within bounds. Secondly, if the drought is there for the last four years then it is not an issue which has arisen suddenly and emergently. These are the rules under which admissibility of motions is determined. But I am not going by that. I am telling you that why I am taking the whole thing to its logical conclusion, what would be the ultimate outcome. If you are satisfied with this that the motion should be held in order then there would be no further debate on it, I have no objection even to that also.

**Rana Naeem Mahmud Khan:** Mr. Chairman, I have tried to assure the House that the Government is doing whatever it can and will do whatever is necessary to be done in that area.

**Mr. Chairman:** Taking into account all the suggestions which have been made by the Members which have come from the Press, which have come from whatever quarters.....

**Rana Naeem Mahmud Khan:** Sir, the only thing I wanted to state here is that I have been in touch with the Provincial Government. I have stated that I have offered whatever assistance that they require for them to come back to us. They have for the time being said that they do not need any assistance except the development of the supply of water system. I will go back to them again as I have stated Sir, and I will ask them specifically on the issues of supply of fodder for the animals and water suply for the animals and regarding the Relief Commissioner—the appointment of a special officer to handle this whole operation.

**Mr. Chairman:** They have to create a machinery for supervision, execution and monitoring of the various suggestions

which have been made under the guidance of a whole time relief commissioner assisted by the agencies which have been named in the various suggestions.

**Rana Naeem Mahmud Khan:** This is right. Sir, I fully agree with you. The only thing is that it has to be done by the Provincial Government and I have already asked them to submit to me in writing a report on the actual functioning and the utilization of funds and what supplies they have provided what work is being done. When I have their report I would place it before the House.

**Mr. Chairman:** I think the problem would not be resolved by your merely being in touch with the Provincial Government. What I would suggest is that either you or whoever is incharge of this, call a meeting with the Provincial Government including all the relevant agencies, go over the entire ground and then bring up a scheme that here it is, how it should be resolved and then the report, when should that come.

**Rana Naeem Mahmud Khan:** Right Sir, we would do that.

**Mr. Javed Jabbar:** Yes Sir, exactly we want a specific date within this.....

**Prof. Khurshid Ahmed:** Sir, the report should come within this session.

کیا کچھ idea ہے آپ کو کہ یہ اجلاس کب تک چلے گا۔

**Mr. Chairman:** No, I do not know how long the session is going to continue.

**Prof. Khurshid Ahmed:** Near about two weeks.

**Mr. Chairman:** It would continue for an other two weeks minimum.

**Mr. Javed Jabbar:** Too long. Mr. Chairman, all the specific proposals to which you have invited the attention of the Minister, have been lying with the Prime Minister's Secretariat and the Chief Minister Secretariat since the 15th of August. Now, please do not extend it for

[Mr. Javed Jabbar]
another two weeks. Please fix a limit within the next one week-7 days, 5 days, otherwise what is the purpose of the emergency action.

**Mr. Chairman:** I think we have to be practical and less than two weeks.

(اقبال احمد صاحب سے مخاطب ہو کر) آپ کچھ بولنا چاہتے ہیں ؟

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ آپ نے بڑی وضاحت کے ساتھ observations دی ہیں۔ متعلقہ وزیر صاحب نے آپ کے ذریعے اس ایوان کو assure کیا ہے کہ جو تجاویز انہوں نے دی ہیں ان پر ہم پوری طرح غور کریں گے۔ آپ نے اس بات کا اظہار فرمایا ہے کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے۔ ہم زیادہ سے زیادہ یہی assurance دے سکتے ہیں کہ ہم کوشش کریں گے کہ وہاں کے لوگوں کی خدمت کے لئے ان کی مشکلات دور کرنے کے لئے مرکزی وصوبائی حکومت کے جو بھی دائرہ اختیار میں ہے وہ کیا جائے۔ اب اگر یہ بحث ایسے چلنی ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ اگر وزیر صاحب کی assurance معزز ایوان کو قبول نہیں تو اس کو ایڈمٹ کر کے بحث کروا لی جائے تاکہ اخباروں میں تقریریں آ سکیں۔ assurance تو ہم نے دے دی کہ انشاء اللہ تعالیٰ صوبائی حکومت کے ساتھ رابطہ ہمہ وقت ہے اور اس مسئلہ کی اہمیت سے گورنمنٹ غافل نہیں ہے۔ اور تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

**Mr. Chairman:** I think the House accepts the assurance of the honourable Minister except that initiative in this matter, I would suggest, should be taken by the Federal Government and not left to the Provincial Government any longer. Initiative for convening a meeting for coordination for the entire efforts.

**Mr. Iqbal Ahmed Khan:** Of course, keeping in view the provision of the Constitution

**Mr. Chairman:** I think, I know about the Constitution as much with all due difference to our honourable Minister for Justice as anybody else. Coordination is distinctly a function of the Federal Government and in that there is nothing wrong. I did not want to go into these details but when the first report came from Mr. Javed

Jabbar, the next day I mentioned it, I sent him a reply also that I have no *locus-standi* to interfere in these matters. But whatever you have said, it is all valid and it would be brought to the notice of proper quarters. I brought it to the notice of the Prime Minister and I must say to his credit that the next day, he was on a visit to Sind and this was one of the issues which he took up with the relevant quarters etc., with what result I am not sure, but he did act on the advice and he did act on the suggestions which have been made by Mr. Javed Jabbar in his written statement. So, the initiative also in this case should be taken up. I think that should end the debate. The half an hour for adjournment motions is over and we go over to the next business.

**Sardar Khizar Hayat Khan:** What is the outcome?

**Mr. Chairman:** Outcome is, that within two weeks they would report back to the House.

## THE ENFORCEMENT OF SHARIA BILL, 1985

**Mr. Chairman:** We come to the legislative business—Consideration of the Bill to enforce Sharia in the country, [The Enforcement of Sharia Bill, 1985].

Now, we are at the second reading or clause by clause reading of this Bill. A number of amendments have been moved.

حاجی سیف اللہ خان : جناب والا ! ایک موشن دی ہوئی ہے چونکہ آج اس بل کی سیکنڈ ریڈنگ شروع ہونی ہے اور اس میں بہت سی ترمیمات آئی ہوئی ہیں، ترمیمات کے notices، محرکین کی جانب سے بھی ہیں دوسرے ممبرز کی جانب سے بھی ہیں، گورنمنٹ کی جانب سے بھی ہیں تو اس کے لئے ایک موشن آپ کے پاس آئی ہوئی ہے۔

To consolidate all the amendments and to consider them outside the House so that we should reach the concensus.

اس کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ اس کی اجازت دیں تاکہ ہم موشن پیش کر لیں اور آپ اس سلسلے میں ایک سپیشل کمیٹی بنا دیں جو ان تمام amendments کو زیر غور لا کر اور ایک consolidated form میں ہاؤس میں پیش کر دے تو. If you allow then I may move the motion, Sir.

جناب چیئرمین : موشن تو پیش کر دیں پھر اس کے بعد دیکھیں گے۔

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Sir, I beg to move:

that considering a very large number of amendments proposed to particularly all clauses of the Bill on the Enforcement of Sharia a special committee consisting of the following Members, including sponsors of the Bill and those who have tabled amendments be constituted under Rule 173 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973 to reconcile the differences in the proposed amendments and recommend to the extent possible agreed amendments to the Bill before the House takes up the consideration of the Bill clause by clause:

1. Haji Muhammad Saifullah Khan .......................... *Chairman.*
2. Qazi Abdul Latif.................................................... *Member.*
3. Maulana Samiul Haq ............................................ *Member.*
4. Lt. Gen. (Retd.) Mr. Saeed Qadir ......................... *Member.*
5. Mr. Hasan A. Shaikh ............................................ *Member.*
6. Mr. Muhammad Ali Khan Hoti ........................... *Member.*
7. Sahabzada Sultan Abdul Majeed .......................... *Member.*
8. Mr. Ahmed Mian Soomro...................................... *Member.*
9. Haji Akram Sultan ................................................ *Member.*
10. Nawabzada Jehangir Shah Jogezai......................... *Member.*
11. Brig. (Retd.) Mr. Abdul Qayyum.......................... *Member.*
12. Mr. Hussain Bux Bungalzai.................................. *Member.*
13. Syed Muhammad Fazal Agha ............................... *Member.*
14. Qazi Hussain Ahmed............................................. *Member.*
15. Prof. Khurshid Ahmed ......................................... *Member.*
16. Mr. Wasim Sajjad.................................................. *Member.*
17. Dr. Mahbubul Haq ................................................ *Member.*

The quorum of the committee will not be less than one half of the total membership of the committee. The Committee shall submit its report as soon as possible.

قاضی حسین احمد : جناب میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا میں بھی اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خلیل : جناب میں بھی اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

**Mr. Chairman:** Then I think, on this, there would be a debate. If you want to say something more.

قاضی حسین احمد : جناب والا ! ایک ڈبیٹ کے درمیان دوسری ڈبیٹ شروع کرنے کا یہ طریقہ اس کو موخر کرنے کا حربہ ہے اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : موشن move کرنے کا حق ہر ایک شخص کو پہنچتا ہے انہوں نے اپنا نقطہ نظر بیان کیا آپ جو مخالفت میں بولنا چاہتے ہیں اختصار کے ساتھ وہ آپ ضرور عرض کریں اور اس کے بعد پھر اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔ آپ جو کچھ فرمانا چاہتے ہیں فرمائیں۔

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! پچھلے اجلاس میں آپ نے خود فرمایا تھا کہ حکومت اس بل کی منظوری میں یا اس کے بارے میں کچھ فیصلہ کرنے میں تاخیر کر رہی ہے اور حکومت کا فرض ہے کہ اس کے بارے میں اپنا ذہن بنائے، ہم نے کسی مرحلے پر بھی حکومت سے مذاکرات کرنے سے انکار نہیں کیا، جب بھی ہمیں بلایا گیا ہے ہم ان کے ساتھ بیٹھے ہیں لیکن ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ حکومت تاخیری حربے استعمال کر کے اس کو موخر تو کرنا چاہتی ہے لیکن اس پر کسی سنجیدہ بات چیت کے لئے تیار نہیں ہے۔ وزیر انصاف کا موقف، وزارت مذہبی امور کا موقف اور مختلف مواقع پر دوسرے وزراء کا جو موقف ہماری سمجھ میں آیا ہے وہ یہ ہے کہ اس بل کے ذریعے سے اس process کے علاوہ جو آئین میں دیا گیا ہے ایک دوسرا process شروع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جو کہ ہمیں قابل قبول نہیں ہے اگرچہ ان کی اس تجویز سے ہمیں اختلاف تھا اور اختلاف ہے لیکن جو متبادل تجاویز ان کے سامنے پیش کی گئیں ان کے بارے میں بھی ان کے دل میں ہم نے کوئی نرم گوشہ نہیں دیکھا مثلاً اسلامی نظریاتی کونسل اور فیڈرل شریعت کورٹ دونوں آئینی اداروں نے قوانین کو شریعت کا جامہ پہنانے کے لئے قیمتی تجاویز دی ہیں اور اپنی آراء پیش کی ہیں۔ انہوں نے جو کام کیا ہے اس میں تقریباً تمام موجودہ قوانین آجاتے ہیں اس کے علاوہ اس ملک کے معاشرے کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لئے اسلامی نظریاتی کونسل نے بہت قیمتی کام کیا ہے ان کا موقف یہ تھا کہ اگر عدالتوں کو یہ اختیار دیا جائے گا کہ وہ شریعت کے مطابق فیصلے کریں تو اس کے نتیجے میں ایک قانونی انتشار پیدا ہو گا۔ چنانچہ ہم نے ان کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ اگر قانون کے اندر آپ یہ لکھ دیں کہ اس قانون کے بارے میں فیڈرل شریعت کورٹ یا اسلامی نظریاتی کونسل اپنی رائے دے چکی ہے تو اس کے بارے میں یہ سوال نہیں اٹھایا جائے گا کہ وہ شریعت کے خلاف ہے اگر حکومت اور اس کے وزراء اس بات کو مان لیتے اور اسلامی نظریاتی کونسل اور فیڈرل شریعت کورٹ کی تمام تجاویز کو بھی ایک پیکیج کی

صورت میں وہ منظور کر لیتے تو بہتر ہوتا کیونکہ انہیں ہم کوئی نئی بات نہیں کہہ رہے ہیں وہ آٹھویں ترمیم کے موقع پر مارشل لاء آرڈی نینسز کو قوانین کا درجہ دے چکے ہیں۔ مارشل لاء جنگل کا قانون ہے' اگر اسلامی نظریاتی کونسل اور فیڈرل شریعت کورٹ کی تجویز کردہ ترامیم کے ساتھ اور ان کے تجزیئے کے ساتھ ان قوانین کو ایک پیکیج کی صورت میں لے آتے تو ان کی وہ بات بھی باقی نہ رہتی اور ان کا وہ خدشہ بھی ختم ہو جاتا کہ اس کے نتیجے میں کوئی قانونی انتشار پیدا ہو جائے گا ملک کے اندر کوڈیفائیڈ ساری چیز موجود ہے لیکن اس پر عمل پیرا ہونے کا حکومت کا کوئی ارادہ نہیں ہے کوئی ' intention نہیں ہے' اب میرے پاس آج ایک ٹیلی گرام آیا ہے کہ وزارت مذہبی امور کی طرف سے اسلام آباد میں 4 تاریخ کو ایک میٹنگ بلائی گئی ہے' اس کے لئے تم آجاؤ۔

A meeting to consider the enforcement of Sharia in Pakistan will be held on 4th October, 1987, at 11.00 A.M. in the Committee Room of Ministry of Religious Affairs, Islamabad. You are requested to make it convenient to attend.

اب جناب چیئرمین ! آج چونکہ یہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے اور حکومت کا قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کا جو مقصد ہے وہ اتنا اہم نہیں ہے جتنا اس پرائیویٹ ممبرز ڈے کو شریعت بل کے بغیر کسی نہ کسی طریقے سے گزارنا۔ یہ ایک اہم مقصد ہے اس لئے جب بھی یہ دن آتا ہے تو یہ اس دن بھاگ دوڑ شروع کر دیتے ہیں' ٹیلی گرامز دیتے ہیں میٹنگز بلاتے ہیں جرگے کرتے ہیں' ایک جگہ بیٹھتے ہیں دوسری جگہ بیٹھتے ہیں' ہلچل مچا دیتے ہیں اس سے پہلے مہینوں گزر جاتے ہیں ان مہینوں میں ان کو اس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ جناب چیئرمین ! اگلا اتوار بھی یہ لوگ اس طریقے سے گزارنا چاہتے ہیں' اگلے اتوار کو انہوں نے ہمیں خود کہا تھا کہ میٹنگ بلائیں گے اب یہ کہتے ہیں کہ جلد از جلد اس کے بارے میں کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کرے گی' as soon as possible اب ان کا جلد از جلد تو ہمیں معلوم ہے ہم اس جلد از جلد کو بھگت رہے ہیں۔ اس لئے ہم کسی ایسی تجویز میں پارٹی نہیں بنیں گے جس کا مقصد یہ ہو کہ ارادی طور پر شریعت کے نفاذ کو اس ملک میں موخر کر دیا جائے۔ شکریہ !

<u>جناب چیئرمین</u> : شکریہ ! مولانا سمیع الحق۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب! آپ خود اس ایوان کے سارے حالات کو دیکھتے ہیں اور آپ اس کے محافظ ہیں کوئی بل سامنے آئے تو اس کے ساتھ اس قسم کا سلوک کب تک ہوتا رہے گا۔ اس اہم منصب پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو بٹھایا ہے ہم انصاف آپ پر چھوڑتے ہیں آپ اس سارے کھیل کو دیکھ رہے ہیں جو دو سال سے جاری ہے آج اچانک ہمارے سامنے ایک ایسی صورت حال لائی گئی جس کا میرے خیال میں پارلیمنٹ کے ارکان سے یا کمیٹی سے کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا وہ یہ کہ ترامیم تمام اراکین اپنی اپنی مرضی کے مطابق کسی بل کے بارے میں داخل کرتے ہیں، اب یہ کام سیکرٹریٹ کا ہوتا ہے کہ وہ تمام دفعات سے متعلق جو جو ترامیم ہیں ان کو اس دفعہ کے مطابق مرتب کر دیں اور ایوان کے سامنے پیش کر دیں۔ پارلیمنٹوں میں ہمیشہ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ اگر کسی دفعہ میں دسیوں ترامیم آئی ہیں خواہ اس کے حق میں ہیں یا اس کی مخالفت میں ہیں۔ سینیٹ یا قومی اسمبلی خود اس کو مرتب کر کے سامنے رکھ دیتی ہے۔ اب اس کمیٹی کا مقصد سوائے اس کے کیا ہو سکتا ہے کہ اس بل کو ہمیشہ کے لئے سرد خانے میں ڈالا جائے جہاں تک اس پر اظہار خیال کا تعلق ہے پہلے اس کے لئے سٹینڈنگ کمیٹی بنی پھر اس کے لئے منتخبہ کمیٹی بنی اور اس منتخبہ کمیٹی میں ہر مکتب فکر اور تمام خیالات رکھنے والے حضرات کو اقبال احمد خان صاحب کی صدارت میں شامل کیا گیا۔ اس کمیٹی نے بھی اس کے بارے میں اپنی رپورٹ دے دی۔ پھر صدر مملکت نے کہا کہ نظریاتی کونسل اس پر رائے دے اور نظریاتی کونسل نے بھی اپنی ترامیم بھیج دیں اس کے بعد وزراء حضرات سے ہماری گفتگو عرصہ تک چلتی رہی اور چار چار دن تک کابینہ کے اہم ترین وزراء ہمارے ساتھ بیٹھے رہے ہم نے اپنا نقطہ نظر پیش کیا انہوں نے اسے سنا۔ وزیر مذہبی امور خوش قسمتی سے یا بدقسمتی سے تیزی سے بدل جاتے ہیں اسی طرح ہمارے وزیر قانون بھی تبدیل ہو جاتے ہیں گویا وہ نئے قصائی کو آزماتے ہیں کہ شاید وہ تیز ہو اور اب حاجی سیف اللہ صاحب کے ہاتھ میں دے دیا اس قصاب کے ہاتھوں شاید یہ بل جلدی ختم ہوتا ہو۔ اس بل پر تین وزراء آئے اور گئے اور ان سے ہمارے دو دو دن مذاکرات ہوتے رہے ہم نے کبھی انکار نہیں کیا اور کھلے دل سے ہم نے کہا کہ آپ خود کوئی تجاویز ہمارے سامنے رکھیں۔ اب وہی مسئلہ ہو گا جو کمیٹیوں کا انجام ہوتا ہے۔

ایک مغل بادشاہ کے ہاتھوں شاید ایک دھوبی قتل ہوا تھا۔ شاہجہان بادشاہ تھا یا جہانگیر تھا۔ وہ سخت پریشان تھا۔ دھوبی کی بیوی نے دعوی دائر کیا کہ میرا شوہر بادشاہ کے ہاتھوں مارا گیا

ہے۔ بادشاہ نے اپنے وزراء سے پوچھا کہ اب اس کا کیا کیا جائے گا۔ تو حاجی سیف اللہ صاحب، میاں اقبال احمد صاحب اور وسیم سجاد صاحب ایسے وزراء کرام نے بادشاہ سلامت کو مشورہ دیا کہ کوئی فکر کی بات نہیں ہے آپ اطمینان سے بیٹھے رہیں۔ نہ فیصلہ ہوگا نہ قصاص لیا جائے گا۔ بادشاہ نے کہا کیسے ؟ وزیر نے کہا کہ ابھی ایک کمیٹی بنا دیتے ہیں بادشاہ نے کہا کہ اس کمیٹی نے اگر دھوبن کے حق میں فیصلہ دے دیا تو پھر کیا ہوگا وزیر نے کہا کہ اس کے اوپر پھر اور کمیشن بٹھا دیں گے اور ضرورت پڑی تو پھر اس کے اوپر ایک تیسرا کمیشن بٹھا دیں گے اور اس وقت تک دھوبن بیچاری مر جائے گی۔ قصہ ہی ختم ہو جائے گا ایسی نوبت ہی نہیں آئے گی۔ کمیشنوں پر کمیشن بٹھاتے جائیں گے۔

حضرت یہ سلسلہ بہت افسوسناک ہے۔ اس میں ہمیں بالکل فریق نہ بنائیں۔ آپ کے ہاتھ میں اقتدار ہے آپ اکثریت میں ہیں آپ جو بھی چاہیں کر سکتے ہیں۔ وقت اور حالات، قوم اور تاریخ آپ کو دیکھ رہی ہے اور آپ کا یہ کردار تاریخ میں ہمیشہ کے لئے محفوظ رہے گا۔ کمیٹی کا تو کوئی مسئلہ نہیں ہے ترامیم ہر ممبر نے داخل کی ہیں۔ سینیٹ کے ممبران بیٹھ جائیں اور ہر دفعہ کے بارے میں جو ترامیم ہیں وہ سامنے آجائیں اس کے بارے میں اچھا برا فیصلہ کرنا ایوان کا کام ہے ان کی اکثریت ہے وہ ہماری ترامیم مسترد کر دیں اور ان کی ترامیم پاس کر لیں۔ بل کسی انجام تک تو پہنچ جائے گا۔ آپ نے پچھلی دفعہ جیسے خود فرمایا تھا کہ اس کو اتنا نہیں لٹکایا جا سکتا۔ تو اس میں بھی آپ اس طرح رول ادا کریں اور ان سے کہیں کہ وہ یہ تجویز واپس لے لیں تو قوم و ملک سب پر احسان ہو گا اور ان کے ساتھ بات چیت میں بھی ہم کچھ پیش رفت کر سکیں گے اور کسی نتیجے تک پہنچ سکیں گے اور اگر اتنی بڑی کمیٹی بیٹھ گئی تو کیا ضمانت ہے کہ وہ کمیٹی کب فیصلہ کرے گی اور کب تک رپورٹ دے گی وہ ٹائم پر ٹائم لیتی جائے گی اور مدت بڑھاتی جائے گی اور 1990ء تک یہ معاملہ اسی طرح لٹکا رہے گا۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین ! میں وزیر مذہبی امور کی اس قرارداد کی مخالفت کرتا ہوں اور میرے دلائل یہ ہیں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ جو procedure کسی بل کو منظور کرنے کا Rules of Procedure میں دیا گیا ہے اگر اس کا ہم تجزیہ کریں تو ہمارے سامنے یہ چیز آتی ہے کہ جب ایک مرتبہ ایک بل admit ہو جائے تو

[Prof. Khurshid Ahmed]

اس کے بعد automatically Standing Committee کے پاس جائے گا سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ جب آجائے تو اس کے بعد بھی اس بات کا چانس ہے کہ اسے سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا جا سکے اور اس بات کا بھی موقع ہے کہ اسے ملک کی Council of Islamic Ideology کو بھیج دیا جائے۔ ہم اس بل کے بارے میں اول الذکر دونوں راستے exhaust کر چکے ہیں۔ سب سے پہلے یہ بل سٹینڈنگ کمیٹی کو گیا اور سٹینڈنگ کمیٹی بر وقت یہ رپورٹ نہ دے سکی نتیجتاً اس ہاؤس کے سامنے یہ تجویز آئی کہ آیا سٹینڈنگ کمیٹی کو مزید وقت دیا جائے یا کوئی اور راستہ اختیار کیا جائے۔ سینیٹ نے یہ محسوس کیا کہ یہ بل اتنا اہم ہے اور شریعت کے نفاذ کا معاملہ اس قوم کے لئے بڑا سنگین اور بڑا اہم ہے لیکن سٹینڈنگ کمیٹی نے جس سہل انگاری سے کام کیا ہے اس کی بنا پر دوبارہ اس کو ٹائم نہ دیا جائے۔ اس لئے سینیٹ نے by majority vote اور میں یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ سرکاری پارٹی، غیر سرکاری پارٹی۔ اپوزیشن اور گورنمنٹ کا اس معاملے میں کوئی امتیاز نہیں تھا۔ سینیٹ کے تمام ارکان نے اپنی صوابدید اور ضمیر کے مطابق ووٹ دیا اور یہ طے کیا کہ اسے سٹینڈنگ کمیٹی کو نہ دیا جائے اور بل کے mover کی تجویز پر ایک select committee بنی اور اس سلیکٹ کمیٹی نے اس بل کو examine کر کے اپنی رپورٹ پیش کی اور میں آپ سے ضمناً عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو نام یہاں دیئے گئے ہیں ان میں سے بیشتر نام اس سلیکٹ کمیٹی میں موجود تھے۔ اس سلیکٹ کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کی جو متفقہ رپورٹ تھی۔ صرف اس وقت کے وزیر مذہبی امور نے جو اس سلیکٹ کمیٹی کے *ex-officio* ممبر تھے اختلاف کیا باقی تمام ارکان نے اپنی متفقہ رپورٹ دی اور as amended by the Select Committee ہاؤس میں پیش ہوئی۔

اگر آپ رول 88 دیکھیں اس میں جو گنجائش تھی وہ صرف یہ تھی کہ آیا اسے Council of Islamic Ideology کو دیا جا سکتا ہے یا نہیں اور وہ اسے نہیں دیا گیا اور اس لئے نہیں دیا گیا کہ صدر محترم نے اپنے initiative پر اس بل کو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو دے دیا تھا اور اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے اس پر اپنی آراء کا اظہار بھی کر دیا تھا اس لئے سینیٹ نے اس کے اوپر discussion شروع کر دی۔ اب discussion کا یہی مرحلہ ہے کہ پہلے first reading ہو۔ چنانچہ عام بحث

مکمل ہو چکی ہے اور اس اثناء میں رولز کے مطابق amendments آچکی ہیں میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جو procedure کسی قانون کو پاس کرنے کا اس کتاب میں فراہم کیا گیا ہے آیا فی الحقیقت اس میں اس بات کی گنجائش ہے۔ ہم اس جنرل کلاز کا سہارا لے کر جو قائدہ 171 میں ہے۔ جس کے تحت خاص حالات میں مختلف motions لائی جا سکتی ہیں اس موقع پر کسی بل کو sabotage کیا جائے یا اس کو معرض التوائ میں ڈالا جائے اور first reading مکمل ہونے کے بعد amendments move کئے جانے کے بعد پھر کوئی کمیٹی بنائی جائے جو ان amendments پر غور کرے اور پھر فارمولا نکالنے کی کوشش کرے میری نگاہ میں یہ قواعد کے خلاف ہو گا۔ پارلیمانی روایات کے خلاف ہو گا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے اس اسٹیج پر اس تجویز کا آنا بڑا غلط ہے قواعد کے خلاف ہے اور اگر آپ نے یہ بری مثال قائم کی تو آئندہ قانون سازی کے لئے بڑی مشکلات پیدا ہوں گی۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس تجویز کے اندر impropriety بھی ہے۔ اس کے preamble میں کہا جا رہا ہے کہ ہم ایک ایسی کمیٹی بنانا چاہتے ہیں کہ جس میں اصل بل کے movers امنڈمنٹس کے movers اور کچھ دوسرے لوگ ہوں لیکن اگر ناموں کا آپ مطالعہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ تین مجوزہ amendments کے mover قاضی حسین احمد صاحب، میں اور جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب ہیں اس میں سے دو کو رکھا گیا ہے اور ایک کو نکال دیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ impropriety ہے ایک بات آپ کہہ رہے ہیں اور جو پارلیمنٹری زندگی کا بنیادی etiquette ہے اس تک کا اس کے اندر لحاظ نہیں رکھا گیا۔

جناب والا! اگلی بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں اس میں جو premise بنائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ بہت ساری amendments آگئی ہیں اور چونکہ وہ بہت ساری amendments ہیں اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ایک کمیٹی بنا دی جائے۔ جناب والا! میں اس سے واقف نہیں ہوں کہ پارلیمانی تاریخ کے اندر ایک amendment چار amendments یا بہت سی amendments کے درمیان فرق کیا گیا ہو اگر بہت سی amendments آئی ہیں تب یا ایک امنڈمنٹ آئی ہے تب ان میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اب یہ اس ایوان کی امانت ہے ایوان ایک ایک کلاز کو لے گا ایک ایک امنڈمنٹ پر گفتگو کرے گا۔ جسے قبول کرنا

چاہے گا' کر لے گا اور جسے رد کرنا چاہے گا رد کر لے گا۔ اب وہ سٹیج نہیں ہے کہ یہ کام کیا جا سکے۔

جناب والا! میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بہت سے کام ایسے ہوتے ہیں جو ہاؤس کے باہر کئے جاتے ہیں۔ اور یہی پارلیمانی روایات ہیں کہ اگر اس قسم کے معاملات ہوں تو negotiation کیجئے اور جب کوئی چیز متفق علیہ' طے ہو جائے تو اسے پھر متفق علیہ کے طور پر لے آیئے۔ لیکن یہاں یہ عجیب و غریب طریقہ استعمال کیا جا رہا ہے کہ ایوان کے باہر بات کرنے کا جو موقع ہو' ہمیشہ اس کو نظر انداز کیا جاتا ہے' ٹالا جاتا ہے۔ مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ دسیوں meetings ہوئیں' اور ہر meeting کے بعد جب ہم اٹھے تو معلوم ہوا کہ حکومت اس بل کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے۔ لیکن اس کے اندر اتنی اخلاقی جرات بھی نہیں ہے کہ کھل کر سامنے آئے اور اس بل کو reject کر دے۔ آپ کے پاس اکثریت ہے۔ آیئے reject کر دیجئے۔ لیکن آپ نے اسے دو سال سے لٹکایا ہوا ہے۔ عوام کی تائید کی آپ بات کرتے ہیں' میں اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ سینیٹ نے ایک تحریک کے اوپر عوام کی رائے لینے کے لئے اس بل کو circulate کیا اور ساڑھے سولہ لاکھ افراد نے اس پر رائے دی۔ صرف پاکستان میں ہی نہیں' بلکہ دنیا میں اس کی تاریخ نہیں ملتی کہ کسی بل کو circulate کیا گیا ہو اور اس کے اوپر اتنی بڑی تعداد نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہو' اور اس میں صرف ایک فیصد نے اپنے reservation کا اظہار کیا ہو۔ مخالفت سب نے نہیں کی ہے۔ میں نے ایک ایک چیز کو پڑھا ہے۔ انہوں نے اپنی reservation کا اظہار کیا ہے۔ اس کے بعد یہ کہا جاتا ہے کہ اسے عوامی تائید حاصل نہیں ہے۔

جناب والا! جو راستہ حکومت نے اختیار کیا ہے' یہ بڑا کج فہمی کا راستہ ہے۔ یہ بڑا نادانی کا راستہ ہے اور بڑا' گنجلک راستہ ہے۔ آپ اس بات کو پکار پکار کر کہتے ہیں کہ ہم شریعت کی بالادستی چاہتے ہیں تو آیئے اس بالادستی کو قائم کیجئے۔ ہمیں اس بل سے کوئی دلچسپی نہیں' ہم چاہتے ہیں کہ اپنی حقیقی روح کے ساتھ اس ملک میں شریعت نافذ ہو لیکن اگر آپ محض delay کرنا چاہتے ہیں محض اسے کمیٹیوں کے پھندے میں ڈال کر لوگوں کو الجھانا چاہتے ہیں تو اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی اس سے پہلے دسیوں کمیٹیاں بن چکی ہیں۔ میں یہاں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ بل حکومت کے گلے میں ہڈی کی طرح پھنس گیا ہے نہ وہ

اسے نگل پا رہی ہے اور نہ ہی اگل پا رہی ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ سینیٹ بلایا جاتا ہے اتوار گزارنے کے بعد' سینیٹ ملتوی کیا جاتا ہے جب اتوار آنے والی ہو۔ اس لئے کہ پرائیویٹ ممبرز بل آنے والا ہے اور وہاں ان کے سامنے شریعت آ جائے گی۔ یہ راستہ اختیار کرنا بڑا غلط راستہ ہے۔ آپ عوام کو ساتھ لیکر چلئے اگر آپ نے کسی سے مشورہ کرنا تھا تو پھر آپ پچھلے چھ ماہ سے کیا کر رہے ہیں۔ آپ کے آخری مذاکرات رمضان میں ہوئے تھے۔ رمضان کے بعد سے آپ آج تک سو رہے ہیں۔ ابھی کچھ دن پہلے جب وزیر اعظم سے بات ہوئی تو پتہ چلا ہے کہ وزیر اعظم صاحب کہہ کر گئے ہیں کہ میری واپسی سے پہلے پہلے آپ مل کر کوئی راستہ نکال لیجئے۔ لیکن وزیر اعظم کل آ رہے ہیں اور آج آپ یہ کر رہے ہیں کہ ایک ذیلی کمیٹی بنا دی جائے اور یہ ذیلی کمیٹی بھی کسی ایک معین وقت کے اندر نہیں بلکہ جلد از جلد اپنی رپورٹ پیش کرے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا ہی غلط راستہ ہے جو حکومت نے اختیار کیا ہے اسے اس بات پر شرم آنی چاہئے اور اس انداز میں اس بل کو treat کرنا' اللہ کے ساتھ تمسخر کرنا ہے۔ اللہ کے ساتھ جو قوم تمسخر کا رویہ اختیار کرے گی اللہ تعالیٰ اسے معاف نہیں کرے گا۔ اللہ بڑا غیور ہے آپ نے اسلام کا نام لیا آپ نے دیکھا کہ غیب سے آپ کی مدد ہوئی' وقت پر بارشیں ہوئی' آپ کے مسائل حل ہوئے' زراعت کے مسائل آپ کے حل ہوئے' اب آپ شریعت کے معاملے میں سہل انگاری کا رویہ اختیار کر رہے ہیں۔ اللہ کے ساتھ آپ تمسخر کر رہے ہیں تو پھر اللہ کا عذاب آپ کے اوپر آ رہا ہے۔ اس سے ڈریئے' اس معاملے میں اپنے رویئے کو بدلیئے' جو وعدہ آپ نے اللہ سے کیا ہے' اسے پورا کیجئے' اس کے بعد فی الحقیقت یہ زمین اپنی نعمتیں اگلے گی اور آسمان اپنی برکتوں کی آپ پر بارش کرے گا لیکن اگر آپ نے اللہ کے ساتھ کھیل کا' تمسخر کا رویہ' اور چیزوں کو delay کرنے کا راستہ اختیار کیا تو آپ عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ آپ بھی اور پھر قوم کو بھی اس عذاب میں مبتلا کریں گے۔ خدا کے لئے اس راستہ سے ہٹئے اور ایمانداری کا راستہ اختیار کیجئے' کھلے کھلے انداز میں معاملات کو طے کیجئے نہ قانون کی خلاف ورزی کیجئے' نہ اخلاق کے اصولوں کو پامال کیجئے' نہ پارلیمانی روایات سے بغاوت کیجئے اور نہ اس ملک کے ساتھ مذاق کیجئے۔

<u>جناب چیئرمین</u> : شکریہ ! قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! مجھے سخت افسوس ہے کہ میں اس تحریک کی بڑی شدت سے مخالفت کرتا ہوں۔ میں نہیں جانتا کہ ہمارے حاجی صاحب نے یہ تکلف کیوں کیا کہ اس کمیٹی کے اندر ہمارے نام بھی گنوا دئے۔ سیدھا صاف راستہ یہ ہے کہ وہ یہ کہہ دیتے کہ ہم یہ جرائت کرتے ہیں اور ہم اس کو مسترد کرتے ہیں۔ آج جو ملک میں حالات رونما ہیں اور جو بہت ہی ناگفتہ بہ حالات ہیں 'امن کے لئے لحاظ سے بھی 'قحط کے لحاظ سے بھی۔ امن وامان کی صورت حال خراب ہے 'افراتفری پھیلی ہوئی ہے۔ یہ غالباً اسی کی بنیاد پر ہے

کہ جب ہم کسی قوم کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں توان کے جو خوش حال لوگ ہیں 'با اختیار لوگ ہیں انہیں ہم حکم دیتے ہیں ' وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں 'تو اس پر بات پوری ہو جاتی ہے پھر ہم اسے ہلاک کر دیتے ہیں۔ یہ وزارتیں آنے جانے والی چیزیں ہیں۔ حاجی صاحب سے پہلے بھی اس کرسی پر بہت لوگ بیٹھے رہے ہیں۔ مگر افسوس یہ ہے کہ حاجی صاحب نے بھی انہیں کا راستہ اختیار کیا ہوا ہے جو ان سے پہلے بیٹھنے والوں نے کیا تھا اور پھر ان کے انجام سے انہوں نے کوئی عبرت حاصل نہیں کی ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ ابھی 17 ستمبر کو وزیر اعظم کے سامنے ان سے بات ہوئی تھی کہ یہ علماء کا معاملہ ہے اور اسے علماء ہی حل کریں گے اور ان سے یہ کہہ دیا گیا تھا کہ آپ سپریم کورٹ کے علماء اور اسلامی نظریاتی کونسل کے علماء اور سینیٹ اور قومی اسمبلی کے علماء کو بلا کر ان کے ساتھ مشورہ کریں۔ اور وہاں یہ بھی فیصلہ ہوا تھا کہ غیر رسمی طور پر پہلے ان کو بلا کر مشورہ کیا جائے گا جب ہم کسی نتیجہ پر پہنچیں گے تو اس کے بعد ہم ایک کمیٹی کا اعلان کر دیں گے تاکہ وہ ایک دو دن کے اندر اس کے بارے میں فیصلہ کرے۔ اور اس کی رپورٹ ہمیں مہیا کرے۔ لیکن آج انہوں نے وہ طریقہ اختیار کیا جو تاریخ میں بھی نہیں ملتا۔ میں حیران ہوں کہ حکومت کا یہ اخلاقی فرض تھا کہ اس کا جلد فیصلہ کرتی۔ پہلے جناب ! حکومت کی طرف سے یہ تجویز آئی تھی کہ اسے رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے۔ حکومت نے اسے مشتہر کرایا تھا پھر آج حکومت یہ

دعوے کر رہی ہے کہ ہم اس ملک میں عوام کی رائے کا خیال کرتے ہیں۔ ہم جمہوریت قائم کرتے ہیں اور حکومت ہی نے اس کو دیکھا ہے کہ اس پارلیمنٹ کی تاریخ میں جتنی آراء اس بل کے بارے میں آئی ہیں کسی بل کے بارے میں کبھی نہیں آئی ہیں۔ میرے سامنے وہ رپورٹ اس وقت بھی موجود ہے تیرہ لاکھ چھیاسٹھ ہزار پانچ سو ساٹھ وہ آراء ہیں جنہوں نے یہ کہا ہے کہ تشہیر کردہ بل کا مطالعہ کیا ہے اس بل کی حرفاً حرفاً تائید کرتے ہیں اور آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ اس بل کو منظور کر کے من و عن نافذ کر دیا جائے۔ دو ہزار سات سو تیرہ وہ آراء ہیں کہ جنہوں نے یہ کہا ہے کہ 1980ء میں جو ترمیم ہوئی ہے' اس میں اگر پرسنل لاز کی دفعہ ہٹا دی جائے تو پھر اس کے بعد یہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔ اور صرف سولہ سو چالیس آدمیوں نے اس کی مخالفت کی تھی یہ ساری باتیں آپ کے سامنے ریکارڈ پر موجود ہیں لیکن اس وقت حکومت نے جو رویہ اختیار کیا ہوا ہے' اس سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سراسر اس بل کو مسترد کرنے کے مترادف ہے۔ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ یہاں اس پارلیمنٹ کے اندر وزیر اعظم نے یہ اعلان کیا تھا کہ دستور میں خامیوں کی نشان دہی کرنے کے لئے ہم ایک کمیٹی مرتب کریں گے جو چھ مہینے کے اندر اندر ہمیں رپورٹ دے گی۔ یہ کمیٹی مرتب کی گئی مگر آج تک' دو سال میں اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش نہیں کی چنانچہ اس کمیٹی کا حشر بھی وہی ہو گا بلکہ اس سے بدتر ہو گا۔ وہ اس انتظار میں ہیں کہ ایوان کب ختم ہوتا ہے تاکہ یہ بل اسی طریقے سے لٹکا رہے اور اسی طریقے سے چلتا رہے۔

بہر حال میں اس کی سخت مخالفت کرتا ہوں اور میں یہ کہوں گا کہ ہم اس کمیٹی کے اجلاس میں کبھی نہیں آئیں گے اور نہ ہی اس کے ساتھ بیٹھیں گے۔ لہٰذا میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس تحریک کو مسترد کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین : جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین ! یہ جو کمیٹی کا اعلان کیا گیا ہے یہ دراصل حکومت راہ حق سے فرار اختیار کرنے کا ایک ذریعہ بنا رہی ہے۔ حکومت کھلے دل سے عوام کے سامنے اسکے دباؤ کے تحت یہ جرائت اور اعتراف نہیں کرتی کہ ہم اس بل کو پاس نہیں کرتے۔ بلکہ یہ محض طاغوتی طاقتوں کو خوش کرنے کے لئے تاخیری حربے استعمال کر رہے ہیں

اور جو لوگ اس ملک میں دل وجان سے شریعت کے نفاذ کے متمنی ہیں اور وہ یہ جانتے ہیں کہ ان کی آرزو، تمنا اور آخرت کی سرخروئی اگر صحیح ہو سکتی ہے تو وہ شریعت یعنی نظام مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نفاذ میں ہو سکتی ہے یہ ہر شخص کی تمنا ہے کہ وہ اس کے تحت اپنی زندگی بسر کرے۔ لیکن بدقسمتی سے صرف وہ لوگ یہ نہیں چاہتے جو طاغوتی طاقتوں کے اشاروں پر چل رہے ہیں۔ اور نہ وہ پاکستانی عوام کو ناراض کرنا چاہتے ہیں یہ منافقانہ رویہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ خود سورۃ طٰہٰ میں فرماتے ہیں۔ ”جس شخص نے میرے ذکر سے اعتراض کیا تو میں اسکی زندگی کو دنیا میں تنگ کر دوں گا اور آخرت میں اسکو قبر سے اندھا اٹھاؤں گا“۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آپ واقعی یہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلامی نظام آئے، تو پھر اس شریعت بل کو صحیح طریقے سے نافذ کریں۔ ورنہ پھر آپ کا وہی حشر ہو گا جو پہلے لوگوں کا ہوا تھا۔ وہ قوم نیست و نابود ہو گئی تھی۔ جعلی ناموں سے اور بغیر پوچھے شریعت بل میں ترمیمات پیش کرنا، یہ بھی ایک عجیب انداز ہے۔ شریعت بل کو اللہ میاں کی تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے نہ کیا جائے۔ بلکہ اس کو صحیح طریقے سے پاس کیا جائے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب شہزادہ صاحب۔

مجاہد برہان الدین خان: جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس بات پر کچھ کہنے کا موقع دیا۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر انصاف کی توجہ preamble میں درج ان کے اپنے الفاظ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

> "Sovereignty over the entire universe belongs to *Allah*, Almighty alone".

When the sovereignty belongs to *Allah*, Almighty then why do you deny the law that God has given us in the *Quran*. It is laid out there and why do you deny it. And whenever it comes to that law you come out like a roman gladiator with a sword in your hand in the defence of English Law and the English language. I would request you to come out with the same zeal for the purpose of establishing Islamic law in this country. I would draw again his attention to the fact that that Pakistan was brought into being to enable the Muslims to order their lives in accordance with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy *Quran* and *Sunnah*. When you believe in all these things then

why every time when we talk on the Sharia, you always pass it over. Last time our learned Religious Minister went to Arabia and then we were all asked to keep quiet about it and we all walked out. Again, it was passed over. Now, I do not think we can withstand it any longer.

پاکستان اس چیز کے لئے وجود میں آیا تھا کہ یہاں اپنی زبان ہوگی اپنا قانون ہو گا اپنا طریقہ ہو گا مگر میں افسوس سے کہتا ہوں کہ یہاں نہ ہمارا طریقہ ہے نہ ہمارا قانون ہے۔ قانون بھی وہی انگریزی ہے۔ زبان بھی وہی انگریزی ہے۔ غریب عوام اور بھی زیادہ غریب ہوتے جاتے ہیں غریبوں کو اٹھنے کا موقع نہیں دیا جاتا ہے۔ وجہ یہی ہے کہ ہم اسلام پر چلتے نہیں ہیں۔ ہم لوگ زکوٰۃ و عشر دے رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جب تک ہم شریعت قائم نہیں کرتے ہیں تو مسلمانوں کو نہ زکوٰۃ دینی چاہئے نہ عشر دینا چاہئے اور ہم اپنے دل و جان سے جدوجہد کریں گے کہ پاکستان میں اسلامی نظام نافذ ہو اور جو مسلمان اسکی مخالفت کرتا ہے وہ منافق ہے۔ اور اگر ہم سب اس پر قائم ہو جائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ نافذ ہو جائے گا یہ جتنی مصیبتیں ہم پر آرہیں ہیں یہ سب اسی وجہ سے ہیں کہ ہم خدا سے بغاوت کر رہے ہیں، ہم جھوٹ بول رہے ہیں ہم نے اسلام کے لئے اگر ملک کو بنایا تھا تو خدا کے لئے اسلام کا قانون یہاں نافذ کرو اپنی زبان نافذ کرو تب ہماری عزت ہوگی اور دنیا کے سامنے سرخرو ہوں گے۔ مگر یہ کیا بات ہے ہم نے کہا تھا کہ

سب سے اچھا اپنا دیس
اپنی بولی اپنا بھیس

ادھر نہ تو اپنی بولی ہے نہ اپنا بھیس ہے نہ طریقہ ہے بس سب کچھ دوسروں کا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ خدا کے لئے اسکو delay نہ کریں اسی وقت اس پر بات چیت کریں اور نظام شریعت کو قائم کرنے کی کوشش کریں ورنہ ہم حکومت کے خلاف باقاعدہ جدوجہد کریں گے۔

جناب چیئرمین : جناب پیر صاحب۔

پیر الحاج سید محمد شاہ جیلانی : جناب والا ! ہمارا دعویٰ تھا کہ اسلام کو لائیں گے، شریعت کو لائیں گے اب مجھے افسوس ہوتا ہے کہ آج کیا ہو گیا ہے کہ الٹی باتیں سننے میں آرہی ہیں۔ اسلام میں کیا ڈر ہے۔ کیوں اسلام سے ڈر کر اور باتیں کرتے ہیں۔ ہم مسلمان ہیں ہمیں

شریعت پر چلنا ہے اور شریعت پر ہی مرنا ہے۔ یہی میری گزارش ہے کہ شریعت سے منہ نہ موڑیں، شریعت کو لائیں۔ قرآن کے قاعدے کو لائیں قرآن کی تعمیل کریں۔ تھوڑا کہیں تو بھی یہی گزارش ہے زیادہ کہیں تو بھی یہی گزارش ہے۔ سارا ایوان اسکی تائید کرے گا کوئی شخص جو مسلمان ہو گا، مسلمان کا نطفہ ہو گا، شریعت کو کوئی بھی نہیں دے گا۔ سارا ایوان کہے گا کہ ہمیں اسلام دو، اسلام دو، اسلام کے لئے پاکستان قائم ہوا تھا، اسلام پر رہے گا، ہم اسلام پہ مریں گے اسلام پہ جئیں گے یہ ہماری گزارشات ہیں۔

جناب چیئرمین ! شکریہ ! میرے خیال میں پیشتر اس کے کہ I request you or give you the floor there are one or two points which I would place before you and then you can advise me on that. If we go over the history of this Bill after its introduction as was referred to the Standing Committee under Rule 182. The standing Committee after a lapse of 30 days did not submit any report. So, the Bill came back to the House and it was considered on the floor of the House. At that stage under Rule 84, it was circulated for the purpose of eliciting public opinion. The opinions were received and the numbers have been given by Qazi Abdul Latif Sahib and also by Professor Khurshid Ahmed Sahib, overwhelmingly in favour of adoption of the Bill as it was. Now, there were certain lacunae in the Bill and there were certain deficiencies in the Bill and it was considered that the best course would be to refer it to a Select Committee. The Select Committee provision is also there under Rule 84. So, it went to the Select Committee. It came back from the Select Committee with a unanimous report and at that stage an attempt was made to refer it back for public opinion. Now, the Bill as such, not the report of the Select Committee and that was not approved by the House with the result that the Bill as received from the Select Committee was taken into consideration and this is the Bill which is now before us. A debate started in the first reading on the general principles and provisions of the Bill and at the conclusion of that debate we came to the second reading which is the clause by clause reading and this is where we stand today.

Now, there are one or two difficulties to my mind with regard to the validity of the motion itself. Whether the motion is in order or otherwise which I would request the Minister for Justice in the absence of the Attorney General to clear for me.

Now, if you look at Article 88 (b)(ii). This is the only clause how and at what stage amendments moved to a Bill, should be considered and by what forum. It says;

> "Where a Bill has been referred to a Select Committee, the member In-charge may, after the presentation of the final report by the Select Committee, move—(a), which are not relevant for our puposes. Then, (b), referred to the same Committee again (i) either as a whole—now, that stage was over we did not do that—or with respect to particular clauses or amendments only, or-

Now, the particular clauses or amendments—rather we would not know and the House would not know till we are at the second reading of the Bill. Because it is at that stage that Rule 89 requires that amendment should be filed. So, if clauses or amendments have to be referred back for examination by another forum, by another committee it has to be the Select Committee and not a Special Committee set up under Rule 173. This is correct that there is a provision under Rule 173 of setting up a Special Committee. I am reading from the text:

> 173. The Senate may, by motion, appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion."

But I think, this is not quite relevant with regard to the consideration of Bills. Because all the provisions in the Rules with regard to the passage of Bills, are contained in the few rules that I have quoted. When we are at the second reading of a Bill that is to say the clause by clause reading of the Bill and if there is any doubt about any particular clause or if the House comes to the conclusion that this particular amendment or the amendments of a clause need further consideration, the reference according to my way of looking at things—and this is where I want your confirmation or otherwise—it has to be referred back to the Select Committee and not to a Special Committee. Now, this is, I think a point which should, needs to be clarified. I fetch a simple question of taking the consensus of the House then I think, as Prof. Khurshid very rightly remarked "it would be a very hard task", for any Bill to go through the gauntlet of the majority

[Mr. Chairman]

of the House. Now, it can be. There is a method provided if you don't want to go with the Bill, you are free to suggest any amendments.

Now amendments have been filed and the reason why the amendments or this concept developed to reconcile the differences, it is not that amendments cannot be moved, amendments can be moved in any number, in fact by one Member in any number that he wishes. But here the point is that there is not a single clause starting from the title, the preamble and right till the end to which one or another has not suggested an amendment which means that the whole Bill, as such, is in doubt. But the correct course for that is also that we take the clause by clause reading and amendments are moved and they are debated in the normal course. If at any stage you feel that that particular clause should be referred to a Select Committee then it can be, we can take recourse to the provision of 88(b)(ii) but otherwise frankly I don't think it would be correct for me to put the motion as such to the House because there if the majority all subscribe to that view and the view is that whatever the majority holds that is correct then I think all this Rules of Business become redundant and, in fact, even the role of the Chair becomes superfluous and redundant because then the House is regulated by the consensus of the majority and not by the Rules. So, this is something which, kindly in your response, you may bear in mind and advise me on it. Thank you.

**Mr. Wasim Sajjad**: Mr. Chairman, I am grateful to you for giving me this opportunity and I will address myself to the points that you have kindly raised but before I do that, Mr. Chairman, I would like to respond to some of the statements made by the honourable Members in this House. It is unfortunate that at this stage when a motion has come up simply to resolve certain differences, simply to create better feelings so that we can, if possible, arrive at a consensus on the matters of some importance of this country. The honourable Members have chosen this opportunity to (i) doubt the intentions of the Government, (ii) to make allegations that this Government is not sincere and to generally accuse us of adopting......

**Mr. Chairman:** I am sorry, I do not want to interrupt you at all but some of the doubts arise from the last sentence—'the Committee shall submit its report as soon as possible.' If you can satisfy the House or the opposition on that point......

**Mr. Wasim Sajjad:** I will come to that, Sir.

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Wasim Sajjad:** And the honourable Members have also expressed themselves on the merits of their Bill in the course of their speeches.

Mr. Chairman, the sincerity of this particular Government is evident by the fact that this is a Muslim League Government and the Muslim League Party under the leadership of the Quaid-i-Azam was the party which through efforts, unprecedented perhaps in the history of this world, created a country so that the Muslims of this part could order their lives in accordance with the tenets and principles of Islam, and we have, today, important political parties in Pakistan which at that time had opposed the creation of Pakistan. I don't want to name them. People are well aware of the role and functions of certain political elements and certain political parties whom, I think, have no right to accuse a Muslim League Government of not being sincere to the cause of Islam. We adopted a unanimous Constitution in 1973. After several Constitutions, this Constitution has a special importance in the history of Pakistan. It has an importance because it was unanimously adopted, and I am grateful to my honourable friends who referred to the Objectives Resolution and I would also like to refer to the same.

Mr. Chairman, the Objectives Resolution states:

"Sovereignty over the entire universe belongs to *Allah* Almighty alone."

This is a Constitutional Declaration and we are all committed to it; we all abide by it, this Government, the people, every functionary of the Government is fully abiding and a subordinate to this Declaration. But we cannot pick out one phrase from the Constitution and deny and decry all other provisions of the Constitution. May I be permitted to say, Mr. Chairman, that the Constitution, as a whole, if read completely and correctly, would ensure and indicate that this Constitution unanimously agreed to by all the political parties at that time gives us a complete code for the enforcement of Sharia in

[Mr. Wasim Sajjad]

Pakistan, and if you look at the arrangements, Sir, you will see that it says:

> "That sovereignty over the entire universe belongs to Allah Almighty alone, and the authority to be exercised by the people of Pakistn within the limits prescribed by Him is a sacred trust;....."

This Declaration in the Constitution is actually the result of thinking of Muslim thinkers, Muslim philosophers Muslim writers, Ulemas and if we look at the 22 points of the Ulemas again we find the same thinking in those 22 points. If we read the book 'Constitution' by Maulana Abu-Aala Maudoodi, again we will find the same thinking enshrined in that book also and that thinking is that sovereignty in a Mulim State, the essentials of an Islamic State are that in an Islamic State, sovereignty belongs to Allah Almighty alone.

*(Interruption)*

**Mr. Chairman:** Please no interruption.

**Maulana Samiul Haq:** Point of order, Sir.

**Mr. Chairman:** There cannot be any point of order.

مولانا سمیع الحق : کیا یہ اس تجویز کے دلائل بیان کر رہے ہیں یا پورے شریعت بل پر بحث ہو رہی ہے۔ آپ ان کو یہ کہیں کہ اس تجویز کے دلائل پر بات کریں -

جناب چیئرمین : آپ ان کو interrupt نہ کریں -

**Mr. Wasim Sajjad:** I am responding to statements made by the honourable Members.

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Wasim Sajjad:** In an Islamic State, Mr. Chairman, the essential element is that sovereignty belongs to Allah Almighty alone.

Allah Almighty has laid down certain limits and these limits are that Allah Almighty has prescribed certain duties which the people have to perform. Allah Almighty has prohibited certain things to which no legislature, no functionary can legislate against, and within those limits the ligislature has been given powers to legislate and to make laws for the people of Pakistan.

Mr. Chairman, if we look at the Constitution all this thinking is being crystalized and forms part of this Constitution. The limits have been laid down, in the Constitution that no law shall be framed in Pakistan which is contrary to the *Quran* and Sunnah. Therefore, let there be no doubt about it. Our Constitution is fully Islamic and fully preserves the character of an Islamic State and to carry this intention into effect I would say there are three stages which have been created in law making.

The first stage is when the Parliament itself is legislating, when we make laws, it is our duty as Muslims to see that we do not make any laws which transgress the limits prescribed by Allah. We do not make any law which is repugnant to the provisions of the Quran and Sunnah. If we need guidance on any matter, the Constitution itself has created a body called 'The Council of Islamic Ideology' and in accordance with the constitutional provisions, we can seek guidance from that body. If Sir, the legislature has not performed its duty; the Council also is unable to perform its duty. We have now a third body called 'The Federal Shariat Court'. The Federal Shariat Court either *suo moto* or on the application of any person can examine any law in the country, and determine whether it is contrary to the Quran and Sunnah and in doing so, the Shariat Court also prescribes a time limit within which the legislature has to legislate in accordance with the directions of the Court. Appeal against the Federal Shariat Court lies to the Supreme Court of Pakistan and in the last few years the Shariat Court has been in existence at the Federal level. They have examined 512 laws and in respect of about 50 of them, a little over fifty they have given directions and said:

> "These laws need to be rectified in the light of Quranic Injunctions."

[Mr. Wasim Sajjad]_

In the Provincial field the Shariat Court has examined 999 laws and identified about 200 laws in respect of which the Shariat Court has said that these need to be rectified in the light of Quranic injunctions but while all this infrastructure is there, while everything is there for the creation, for the establishment, for the consolidation of a true Islamic state what do we have; we have a Shariat Bill. The first objection, again and again I have said Mr. Chairman, is that in the Shariat Bill they have defined Shariat not only as meaning Quran and Sunnah but also as including Fiqha that is we have believed always and every Muslim if you ask....

**Mr. Chairman:** We are not discussing the substance at this stage.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, I am only saying this because certain statements have been made on the merits of the Bill.

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین : وہی میں ان کو عرض کر رہا ہوں کہ وہ substance پر نہ بولیں ' وہ اس موشن کی ایڈمسبلٹی پر اظہار خیال فرمائیں۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Because Sir, statements were made that we are delaying the Shariat Bill that is why I am clarifying that what is our stand on this.....*(Interruption)*

**Mr. Chairman:** If you would not interrupt I think he would finish it.

قاضی عبداللطیف : اگر وہ یہ تقریر کریں گے تو ہم نہیں بیٹھیں گے۔ چلے جائیں گے جناب والا ! آپ مہربانی کر کے انہیں روکئے ' وہ تحریک پر بولیں۔

جناب چیئرمین : بیٹھنا یا جانا آپ کا کام ہے ' جو میرا کام ہے وہ میں خود جانتا ہوں۔

قاضی عبداللطیف : نہیں حضرت آپ جانتے ہیں ' ہم آپ سے اپیل کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین : تو آپ تشریف رکھیں۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, it is because statements were made on merit that is why I have been forced to clarify the Government's stand

that we are not delaying. I have stated Sir, we have some reasons for which we are saying that Quran and Sunnah is the Supreme Law and not the thinking of any person.

**Mr. Chairman:** We are not discussing the substance again you are talking on the amendments as such here we are discussing whether this motion in this form can be considered as a valid motion or not.

**Mr. Wasim Sajjad:** I will briefly say this Sir, that they were saying........

**Mr. Chairman:** That is right. I think if you would kindly confine yourself to that.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, it was said by the honourable Members that at one time Shariat Bill should be passed as it is. They have themselves also moved amendments which means Sir, that this Shariat Bill according to them also is not upto what is required in the Islamic State. So, therefore, Sir, the Government have reservation and this motion was moved in a spirit of understanding to creat goodwill. So that, if possible, we arrive at a conclusion. Because on Islam there should be no differences. We do not want to create dissension in the name of Islam. We do not want to create differences in the name of Islam. We want agreement, consensus. Islam is peace, Islam means brotherhood, Islam means......

قاضی عبداللطیف : ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا کہ انہوں نے خود ترمیمات پیش کی ہیں۔ جو اس بل کے محرک ہیں انہوں نے کوئی ترمیم پیش نہیں کی ہے' دوسرے لوگوں نے ترمیمات پیش کی ہیں۔

جناب چیئرمین : جن لوگوں نے اس موشن کو اپوز کیا ہے وہ ان لوگوں کو ریفر کر رہے ہیں۔

**Mr. Wasim Sajjad:** So, Mr. Chairman, it was with that spirit that we said that in each clause of the Bill there is an amendment. The persons who have been supporting the Shariat Bill they have moved amendments that means they had a change of heart, they have realized that yes there is something to be done. We have a difference in point of

[Mr. Wasim Sajjad]

view. Let us try and resolve it in the spirit of Islam because on Islam there should be no difference of opinion. We cannot have one sector saying this is what Islam means and another important sector saying, no, this is what Islam means. It is with that spirit Mr. Chairman, that we moved this motion so that we try and arrive at a consensus and if we do not arrive at a consensus then they are free to pursue their own methods to have this Bill passed or not passed and it will be upto the other Members in the Senate to pursue their own strategy but before we do that we thought why have a debate in the Senate on what is Islam, why should we create differences among ourselves, why should we not try and have brotherhood and peace between ourselves? That was the spirit Mr. Chairman, with which we moved this.

Now, I will come to the rule under which this motion was moved. This is Mr. Chairman, rule 173 of the Rules of Procedure before the Senate. The various rules in the Rules of Procedure do deal with Bills and do deal with other matters. This is a rule which I will read before you Mr. Chairman, it says:

> "The Senate may, by motion, appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion."

I would submit Mr. Chairman, the wording of this rule is so wide that it permits the House to refer any matter by a motion to any special committee and prescribe the functions of that committee. The question whether the majority can do it and what would be the effect of that action on the Bill itself, on that Mr. Chairman, I would only say that in a parliamentary system of Government the majority has that power and as you also know Mr. Chairman, we by a majority can also suspend the rule only if it is *mala fide* or only if the Chair comes to the conclusion that no this is being moved for some dilatory purpose which is outside the scope of that particular discussion. The Chair would have the right to intervene but as far as rule is concerned it is very clear. The power in a parliamentary system of Government is vested in the majority and that is a fact of life. The minority or what they call the opposition they have the right to express their point of view and you will see Mr. Chairman, that so many opportunities are provided for a full expression of views by the opposition in this system and countless

opportunities are given. There are opportunities during the discussion on the President's Address. Every motion that we move they have a right to make a statement, everytime there is an amendment, they have a right to make a statement but to deny the majority the right to make the law that right must be safeguarded. I would submit Mr. Chairman, it would be covered under Rule 173 but in any case the Chair, you have very graciously Mr. Chairman, put it, It is only really a question of language whether we call it a special committee or the select committee. If the principle of what is accepted I would go alongwith the ruling of the Chair we will not call it a Special Committee. We will call it a Select Committee but the principle may kindly be accepted that this can be referred and I can assure you Mr. Chairman, that the purpose of this reference.......

**Qazi Hussain Ahmed:** Point of order Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** Let him finish then you can raise your point of order.

<u>قاضی حسین احمد</u> : جناب والا ! میں سلیکٹ کمیٹی کے بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس بل کے بارے میں سلیکٹ کمیٹی بنے گی تو وہ کمیٹی اس بل کے محرکین بنائیں گے گورنمنٹ نہیں بنائے گی۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, Select Committee is made again on a motion.

**Prof. Khurshid Ahmed:** No. No. The same Committee.

<u>قاضی حسین احمد</u> : پہلے ایک سلیکٹ کمیٹی بن بھی چکی ہے۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, that is a different matter. What I am saying is that primarily it is covered under Rule 173 because otherwise 173 would have no meaning but if the same purpose can be achieved by calling it a Select Committee then I would say it does not really matter and we can call it a Select Committee but the spirit and substance of this rule must be kept in mind and I want to clarify again that the purpose of this motion is not to delay, it is not to create a hurdle . It is to create an understanding and another effort to be made so that in the name of Islam we don't keep fighting, we don't create dissensions, we

[Mr. Wasim Sajjad]
cannot create differences. In the name of Islam we stand as a monolithic structure, everybody wants Islam. There is no opposition to Shariat, the only opposition is that this we feel is not the Shariat Bill.

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! اس میں آپ نے اصل میں جو نکتہ اٹھایا تھا اور جس کی وضاحت کے لئے جناب وزیر عدل سے آپ نے فرمایا تھا کہ اس کی وضاحت کریں اس کے بارے میں جو بات انہوں نے کہی ہے کہ ہاؤس رولز پر نہیں چلے گا بلکہ اکثریت کی خواہشات پر چلے گا ' میجارٹی کی whims پر چلے گا ' یہ ایک بہت ہی بنیادی بات ہے ' میرا خیال ہے کہ اس کو resolve ہونا چاہئے اگر رولز کو suspend کرنا اور رولز کو درخور اعتنا نہ سمجھنا بھی اکثریت کا حق ہے تو پھر رولز بنانے کا مقصد کیا ہے ' رولز تو اسی لئے بنائے گئے ہیں کہ اکثریت بھی اگر ایوان کو چلائے گی تو رولز کے مطابق چلائے گی۔

دوسری بات جناب چیئرمین ! میں وہی دوبارہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کسی دوسری کمیٹی کو سلیکٹ کمیٹی نہیں کہہ سکتے سلیکٹ کمیٹی وہی ہے جو کہ اس بل کے محرکین نے اس کے لئے پہلے بنائی تھی ' بل کے محرکین ہی جس کمیٹی کو بناتے ہیں وہی سلیکٹ کمیٹی ہو سکتی ہے ' آپ کسی دوسری سپیشل کمیٹی کو سلیکٹ کمیٹی کا نام نہیں دے سکتے ' صرف نام کی بات نہیں ہے بلکہ ان کی تشکیل میں بھی فرق ہے ' سپیشل کمیٹی کی تشکیل ایوان کر سکتا ہے لیکن سلیکٹ کمیٹی کی تشکیل بل کے محرکین ہی کر سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! آپ کی اجازت سے میں دو باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں پہلی چیز یہ کہ محترم وزیر عدل نے بحث کے موڑ کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے نقطہ نظر کو بیان کرنے میں بڑی وسعت کا مظاہرہ کیا اور ایسی بحثیں اٹھا دی ہیں جو مستقل بحثیں ہیں اور اس وقت جو موشن ہے اس سے related نہیں ہیں ' میں بھی مسلم لیگ گورنمنٹ اور دوسری جماعتوں کے بارے میں پورے دلائل کے ساتھ بات پیش کر سکتا ہوں اور تفصیل سے پیش کر سکتا ہوں۔ لیکن میں اس وقت نہیں کرنا چاہتا صرف اپنا right reserve کر رہا ہوں کہ جو باتیں انہوں نے کہی ہیں وہ درست نہیں ہیں حقائق پر مبنی نہیں ہیں اور آئندہ جب موقع ہو گا ہم اس ایوان کے سامنے سارے حقائق آپ کے سامنے رکھیں گے۔

دوسری بات جو میں نے بھی اٹھائی تھی اور آپ نے بھی اپنی observation میں لی ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ وزیر عدل نے اس سے پہلو تہی کی ہے اس کا جواب نہیں دیا۔ دو

بنیادی سوالات ہیں پہلا سوال یہ ہے کہ رول 173 کے اندر جو سپیشل کمیٹی مذکور ہے وہ ان specific provisions کو جو اس کتاب کے اندر مرقوم ہیں override نہیں کر سکتی ان کو supplement کرتی ہے اس کا مقصد در اصل یہ ہے کہ وہ چیزیں جو بالعموم اس کتاب کے اندر provided نہیں ہیں لیکن سینیٹ محسوس کرتی ہے کہ کوئی اور کمیٹی ہو تو بلاشبہ وہاں اختیار ہے اور دوسری کوئی کمیٹی بنائی جا سکتی ہے لیکن وہ at the cost of the provisions of these rules کام نہیں کر سکتی۔ میرے کہنے کا مدعا یہ تھا کہ legislation کے لئے جو پروسیجر ہے وہ بالکل clearly lay down کیا گیا ہے اور اسی کو ہمیں follwo کرنا پڑے گا۔ اور اس میں یہ بات پورے ادب سے عرض کرنا چاہتا ہوں اور آپ نے بہت صحیح کہا کہ یہ سینیٹ یا یہ ملک یا کوئی مہذب سوسائٹی جو law governed society ہو اگر وہ law کا احترام نہ کرے بلکہ محض قوت کی بنیاد پر یا اکثریت کی بنیاد پر قانون کو نظر انداز کرے تو یہ بڑا برا دن ہو گا۔ اس لئے قانون سازی میں ایسی روایت قائم نہ کیجئے۔ اگر آپ سپیشل کمیٹی کے حربے استعمال کرنا شروع کر دیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ پرائیویٹ ممبرز تو پھر غیر موثر ہو جاتے ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ پرائیویٹ ممبرز کے لئے تحفظات ہیں اسی طرح جیسے minority کے لئے human rights ہوتے ہیں جو اس کتاب میں provide کئے گئے ہیں اور ان میں یہ چیز ہے کہ جب ایک مرتبہ کسی پرائیویٹ ممبر کا بل اس ایوان کے اندر آ گیا تو اب یہ اس پرائیویٹ ممبر کا حق ہے کہ وہ یہ follow کرے کہ کس اسٹیج پر اسے consider کیا جائے کس اسٹیج پر اس کے لئے سلیکٹ کمیٹی بنے۔ ایسا نہیں ہے کہ جس اسٹیج پر آپ چاہیں جو کمیٹی چاہیں بنا کر دوسرے کے بل کو اغوا کر لیں اور جو شکل آپ اسے دینا چاہیں دے لیں۔ ان قواعد کے تحت یہ بات نہیں ہو سکتی میں نے اسی لئے قاعدہ 88 آپ کو ریفر کیا تھا اس دفعہ کے تحت جو کچھ کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی امنڈمنٹ یا بہت سے امنڈمنٹس کے بارے میں کسی اسٹیج پر یہ ضرورت محسوس ہو تو وہی سلیکٹ کمیٹی جو اوریجنل سلیکٹ کمیٹی بنی تھی وہ ضرور اس کے اوپر غور کر سکتی ہے لیکن اس سے ہٹ کر کسی اور کمیٹی کے سپرد کئے جانے کی کوئی گنجائش اس میں نہیں ہے۔ قاعدہ 173 کا سہارا لے لینا بڑا غلط ہو گا اس لئے کہ دونوں کے functions الگ الگ ہیں۔ قاعدہ 88 جو procedure طے کرتا ہے ہم اس وقت اس پر غور کر رہے ہیں قاعدہ 173 کو یہاں نہیں چھیڑا جا سکتا۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! آپ بھی فرمانا چاہتے ہیں۔ جی فرمائیے۔ حاجی سیف اللہ صاحب۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! میں سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر عدل نے بہت حد تک اس نکتے کی وضاحت کر دی ہے۔ جو جناب والا نے وضاحت کے لئے فرمایا تھا اس میں تھوڑی سی گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک اس موشن کا تعلق ہے یہ ہر لحاظ سے ان آرڈر according to the four corners of the Rules of Procedure ہے۔

اور اس میں قطعی طور پر کوئی ایسا ابہام نہیں ہے جس کا اظہار میرے بعض دوستوں نے کیا ہے یا جس کے بارے میں جناب والا نے ارشاد فرمایا ہے۔ آئین کے تحت پارلیمنٹ کی کارروائی رولز آف پروسیجر کے تابع govern ہوتی ہے اور رولز آف پروسیجر میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے کہ کہیں بھی اس کارروائی کو چلانے میں ایسی صورت حال پیدا نہ ہو جائے کہ جس سے کسی مرحلہ پر ایوان کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا کرنا پڑے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں ہم نے ہاؤس کے باہر کے دوستوں کو بھی involve کرنا ہے۔ ان کے مشورے بھی لینے ہیں۔ ان کی تجاویز پر بھی غور کرنا ہے اب یہ دنیا کی کسی بھی پارلیمنٹ میں کہیں بھی نہیں ہے کہ پارلیمنٹ کی کارروائی میں باہر سے کسی بھی سلسلے میں کسی اجنبی کو شریک نہ کیا جائے۔ ایسی کسی صورت میں ہمیشہ یہ پروسیجر اختیار کئے جاتے ہیں کہ سپیشل کمیٹیز، سٹینڈنگ کمیٹیز، سلیکٹ کمیٹیز کو استعمال کریں اگر وہ بھی اپنی رپورٹیں بھیج دیں اور اس کے بعد بھی کسی مرحلے پر پھر یہ ضرورت لاحق ہو جائے کہ ہمیں اس قسم کے مشوروں یا تجاویز کو consolidate کرنا ہے مثال کے طور پر آج جو صورت حال اس ایوان کے سامنے ہے کہ مختلف ترامیم ہیں تو آیا ہم ایک ایک ترمیم کو لیکر اس پر بحث کرتے رہیں اور ہاؤس کا وقت صرف کرتے رہیں یا باہر بیٹھ کر ہم آپس میں صلاح مشورے سے ان کو consolidate کر کے ایک دوسرے کو آمادہ کر کے اور اگر ضرورت پڑے تو باہر کے دوستوں کو بھی اس میں involve کر کے اس کام میں زیادہ آسانی پیدا کر سکتے ہیں۔

اب اس کے لئے کیا طریقہ کار ہونا چاہئے دو ہی طریقے ہیں جس طرح جناب والا نے فرمایا کہ قاعدہ 88 (3) کے تابع موشن دے دی جائے کہ اسے دوبارہ اسی سلیکٹ کمیٹی کے

پاس بھیج دیا جائے۔ اب یہاں پر اس کا دوسرا کورس کیا ہے کہ قاعدہ 173 کے تابع ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے اب جہاں تک theme and logic کا سوال ہے وہ واضح طور پر قاعدہ 88 میں آچکا ہے کہ اگر ایک دفعہ motion for consideration آبھی جائے تو اس پر دوبارہ غور کیا جاسکتا ہے۔ یہ ہے ایک theme and logic جس کا اشارہ جناب والا نے قاعدہ 88(3) کے تحت فرمایا کہ اسے دوبارہ سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیج دیا جائے اب اس theme کے تابع اس چیز کی تو اس ایوان کو اجازت ہو گئی کہ باوجود ان تمام مراحل کے یہ پھر کسی کمیٹی کے پاس بھیجا جاسکتا ہے۔ اب یہاں پر یہ کہیں بھی نہیں لکھا گیا اور قواعد میں ہمیشہ اس چیز کا خیال رکھا جاتا ہے جب کسی چیز کے بارے میں صراحتا امتناع آجائے کہ یہ کام نہیں ہو سکتا پھر تو اس کی پابندی ہر حال میں لازم ہو جاتی ہے اور اگر امتناع نہ ہو اور ایک logic آجائے کہ اس پر دوبارہ غور کیا جاسکتا ہے۔ دوبارہ کسی کمیٹی کو بھیجا جاسکتا ہے تو پھر اس کی پرویژن بھی رکھی گئی ہے سپیشل کمیٹی میں کہیں یہ تخصیص نہیں کی گئی کہ کس مقصد کے لئے بنائی جائے گی اگر اس کے لئے functions یا جس طرح دوسری سٹینڈنگ کمیٹیز کے لئے function ہیں کہ ہر کمیٹی کا یہ function ہو گا اگر اس میں ان functions کی صراحت کر دی جاتی تو پھر میں یہ سمجھ سکتا تھا کہ یہ بل صرف اور صرف سلیکٹ کمیٹی کے پاس جاسکتا ہے اور سپیشل کمیٹی کے پاس نہیں جاسکتا۔ جب کہ سپیشل کمیٹی کو totally open کیا گیا ہے میں جناب والا کے سامنے قاعدہ 173 کی language پڑھتا ہوں

> "The Senate may, by motion, appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion."

اب یہ سپیشل کمیٹی ایک جنرل کمیٹی ہے۔ یہ رولز بھی ہاؤس بناتا ہے یہ رولز کسی اور جگہ سے نہیں بنتے۔ آئین کے تحت رولز بنانے کی اجازت ہے مگر ان رولز کو بنانے کا اختیار ہاؤس کو ہے اور سپیشل کمیٹی کی کمپوزیشن کے لئے بھی انہی رولز میں اس کا اختیار ہاؤس کو دیا گیا ہے کہ اس کے جو functions وہ تجویز کرے۔ جس قسم کی composition ہاؤس تجویز کرے جس مقصد کے لئے وہ کمیٹی بنائے اس کا ہاؤس کو حق اور اختیار دیا گیا ہے۔ چونکہ قاعدہ 88 کے تابع reconsideration کی پرویژن موجود ہے theme and logic اس میں

[Haji Mohammad Saifullah Khan]

آ گیا ہے۔ اب یہ ہاؤس پر منحصر ہے۔ ہاؤس چاہیئے یا ہاؤس کا کوئی رکن چاہے تو وہ قاعدہ 88(3) کا حق استعمال کرے اور اگر کوئی رکن یہ سمجھتا ہے کہ قاعدہ 88(3) کے استعمال سے اس کا scope limited ہو جائے گا یا ایک کمیٹی جو پہلے اپنی کچھ رائے قائم کر چکی ہے اس پر دوبارہ غور کرنے کے لئے کوئی مشکل پیدا ہو جائے گی تو theme and logic کو پیش نظر رکھتے ہوئے پھر ہمیں قاعدہ 173 کا سہارا لینا پڑے گا جس میں اس کمیٹی کے functions پر کوئی قدغن نہیں ہے اس کی composition کی کوئی صراحت نہیں ہے یہ totally open chapter ہے یہ نہیں ہے کہ کس کے لئے کمیٹی ہوگی کس کے لئے نہیں ہوگی بس جو یہ ہاؤس مقرر کرے گا جو functions ہاؤس اس کمیٹی کو دے گا وہ function اس کمیٹی نے کرنا ہے اور موشن میں اس امر کی clear صراحت کر دی گئی ہے کہ یہ سپیشل کمیٹی اس مقصد کے لئے بنائی جائے کہ جتنی ترمیمات آئی ہیں ان ترمیمات پر وہ غور کرے انہیں consolidate کرے۔ consensus پیدا کرے اور ایسا لائحہ عمل سامنے آجائے جس کے ساتھ ہمیں اس بل کو پاس کرنے میں کوئی دشواری لاحق نہ ہو یہ ایک اصولی بات تھی۔ جس کا جناب والا' نے اشارہ فرمایا۔

جناب والا ! میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ ہمیشہ دنیا کے قوانین میں از خود کوئی چیز نہیں لکھ دی جاتی۔ اب قوانین کی Interpretation بھی آپ دیکھتے ہیں کہ legislature قانون بناتا ہے اور قانون کے ساتھ کورٹس کی rulings بھی آتی ہیں' ان کے درجے بھی وہی پیدا ہو جاتے ہیں جو کہ رولنگز ہوتی ہیں then these are quoted in the courts کہ فلاں جج نے اس کی interpretation یہ کی تھی اور فلاں جج نے اس کی یہ کی تھی and so is the case with the Parliaments.

پھر ہم نے اس کی wording اور عبارت پر نہیں رہنا' بلکہ ہم نے اس کے ساتھ precedents کو بھی دیکھنا ہے چونکہ مجھے آج اس بحث کا علم نہیں تھا ورنہ اس کے بارے میں' میں پوری تیاری کر کے آتا اور آپ کو اس بارے میں مطمئن کرتا کہ hundred and one Special Committees have been constituted in the National Assembly, in the Lok Sabha of India, in the Rajya Sabha of India, in the Federal Council of Pakistan.

کہ جہاں پر جھگڑے amendments پر ہوئے تو پھر ان چیزوں کو solve کرنے کے

لئے' انہوں نے یہ طریق کار وضع کئے اور سپیشل کمیٹیاں بنائی ہیں اِس کونسل میں آپ بھی شریک رہے ہیں' جناب کو بھی پتہ ہے کہ یہ کمیٹیاں بنتی تھیں اور پھر ان کمیٹیوں کو یکجا کر کے amendments لاتے تھے اور اکثر میرے دوست یہاں بیٹھے ہیں وہ بھی ان کمیٹیوں میں شریک رہا کرتے تھے There are hundred and one precedents. جن کو پارلیمانی پریکٹس میں ہمیشہ adopt کیا جاتا رہا ہے اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ پھر یہ موشن جناب والا کے پاس ہے' موشن move ہو چکی ہے'

Motion has become the property of the House.

اور اس پر تقریریں بھی ہو چکی ہیں۔ اور اس قسم کا کوئی اعتراض بھی نہیں ہوا کہ بھئی یہ خلاف قاعدہ ہے۔ یا خلاف قانون ہے یا کوئی ایسی بات ہے۔ ایسی صورت بھی نہیں ہے اور یہ موشن اب اگر mover بھی واپس لینا چاہئے تو اسے ہاؤس کی اجازت لینی پڑے گی از خود وہ بھی اسے واپس نہیں لے سکتا۔ It has become the property of the House.

اب جناب والا ! مسئلہ تو یہی تھا جو کہ سیدھا سادہ تھا کہ ایک سپیشل کمیٹی بنا دی جائے اور وہ کمیٹی بیٹھ کر ان ترمیمات کا جائزہ لے کر متفقہ طور پر ترمیمات اس ایوان میں لے آئے تاکہ ہم اس بل کے تقدس کے مطابق' اسے متفقہ لائحہ عمل کے مطابق پاس کر سکیں۔ اب اس میں اگر میرے کسی دوست کو اعتراض ہونا چاہئے تھا یا اس میں کوئی مزید تجویز دینی چاہئے تھی کہ کمیٹی اس طرح نہیں بلکہ اس طرح بنائی جائے' اسے سلیکٹ کمیٹی میں بھیجا جائے یا کوئی اور صورت پیدا کی جائے تو بڑے کھلے دل کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو welcome کیا جاتا۔ اب سوال تو اتنا تھا کہ ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے مگر اس پر بحث کیا کی گئی...... حکومت کی نیت پر' mover کی نیت پر' نام لے لے کر حملے کئے گئے کہ یہ لوگ نہیں چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام آئے۔ یہ لوگ تلوار لٹکانا چاہتے ہیں۔ یہ لوگ گلے کاٹنا چاہتے ہیں' یہ تاخیری حربے استعمال کرنا چاہتے ہیں ان چیزوں کا اس موشن سے جناب والا کوئی تعلق نہیں تھا اور میں اب بھی یہ کہتا ہوں کہ میں اس موشن کے بارے میں نہیں بلکہ Point of personal explanation کی بنا پر' جواب دے رہا ہوں کیونکہ یہاں پر نیتوں پر شبہ کیا گیا ہے اور مجھے انتہائی دکھ ہوا ہے کہ شریعت کا وہ بل' جس میں شریعت ہمیں اس چیز کا سبق دیتی ہے' درس دیتی ہے کہ کسی کی نیت پر بے جا شک مت کرو۔ اور بخاری شریف کی پہلی حدیث ہے انما الاعمال بالنیات۔

ہر وہ مسلمان جو کلمہ گو ہے، جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے، اس کے بارے میں اسلام کسی بھی شخص کو یہ حق اور اجازت نہیں دیتا کہ اس کی نیت پر کوئی شبہ کیا جائے یا شک کیا جائے۔ کاش کہ ہم آقائے نامدار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کو سامنے رکھتے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کا موشن سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! میرے بارے میں کہا گیا ہے، میری نیت پر حملہ کیا گیا ہے۔ صبح اخبارات میں آئے گا یہ میرے بارے میں ہے، اور اس کی وضاحت کرنا میرا حق ہے۔ یہ کوئی بات ہے۔ موشن کچھ ہے اور شک کریں نیت پر اس کی اس ایوان میں اجازت نہیں دی جا سکتی۔ میں بھی مسلمان ہوں اور میں حدیث quote کر کے کہہ سکتا ہوں۔ میں آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے............ (مداخلت)

مولانا سمیع الحق : پوائنٹ آف آرڈر، پوائنٹ آف آرڈر، میں جناب پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : شریعت کے دعویداروں کا یہ عمل آپ دیکھ لیں۔

قاضی عبداللطیف : اس کا معنی یہ نہیں ہے کہ........... (مداخلت)

حاجی محمد سیف اللہ خان : انہوں نے ہماری نیت پر حملے کئے اور ہم چپ کر کے بیٹھے رہیں۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جب جواب دینے کی باری آئی تو پوائنٹ آف آرڈر اٹھانے شروع کر دیئے ہیں۔

مولانا سمیع الحق : ہم نے نیت پر شک نہیں کیا، بلکہ نیت پر یقین کیا ہے۔ یقین کیا ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : کوئی حد ہونی چاہئے۔

**Mr. Chairman:** No cross-talk please.

مولانا سمیع الحق : ہم آپ کے کردار پر یقین کرتے ہیں کہ وہ غیر اسلامی ہے۔ شک کرتے تو پھر حدیث پڑھتے۔ ہمیں شک نہیں ہے بلکہ یقین ہے۔

(مداخلت)

**Mr. Chairman:** No cross-talk please.

مولانا سمیع الحق : ہمیں شریعت پر شک نہیں ہے، ہم ان کی نیت پر بھی شک نہیں کرتے بلکہ ہم تو یقین کرتے ہیں کہ یہ غیر اسلامی حرکتیں ہیں، چھرا اس کے ہاتھ ہے، یہ قصائی شریعت بل کو ذبح کر رہا ہے۔ ہمیں یقین ہے۔ اس پر حدیث کا اطلاق نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ پارلیمانی روایات نہیں ہیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : آپ ملاحظہ فرمائیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ پارلیمانی الفاظ نہیں ہیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : ملاحظہ فرمائیں آپ، اب بھی آپ کہتے ہیں کہ آپ اس کی وضاحت کریں۔

جناب چیئرمین : وضاحت ضرور کریں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : آپ ملاحظہ کریں کہ بحیثیت ایک مسلمان کے............

جناب چیئرمین : میں عرض کرتا ہوں۔ پلیز............ (مداخلت)

حاجی محمد سیف اللہ خان : ایک آدمی کی نیت پر شک کرنا............ (مداخلت)

مولانا سمیع الحق : نیت پر یقین ہے۔

جناب چیئرمین : یہ جو شک ہے یہ اس طریقے سے شور کرنے سے دور نہیں ہو سکتا انہوں نے آپ کی نیت پر شک نہیں کیا، انہوں نے پوری گورنمنٹ کے متعلق کہا ہے کہ یہ جو دو سال سے تاخیر ہو رہی ہے، اس پر شک کر رہے ہیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب میرا نام لے کر کہا گیا ہے، ریکارڈ اٹھا کر دیکھ لیں نام لے کر کہا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : کسی کا نام لے کر کسی کو نہیں کہا۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : وزیر قانون وعدل کا نام بھی لیا گیا، میرا نام بھی لیا گیا۔

جناب چیئرمین : بطور وزیر مذہبی امور............ (مداخلت)

حاجی محمد سیف اللہ خان : "قصائی" تک کہا گیا۔

جناب چیئرمین : "مذہبی امور"............ (مداخلت)

حاجی محمد سیف اللہ خان : حالانکہ یہ مجھ سے ذبح ہو سکتے ہیں؟ یہ آپ فیصلہ کریں۔ ان کو تو جلاد بھی ذبح نہیں کر سکتا، مجھ جیسا غریب آدمی کیسے کر سکتا ہے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں۔ This whole thing is totally irrelevant.
قاضی صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف : گزارش میری یہ ہے کہ جو زیادہ شور مچاتے ہیں اگر آپ ان کو نہیں بٹھا سکتے، تو ہمارا راستہ کیا ہو گا۔ وہ چونکہ سارے ایوان کو سر پر اٹھا رہے ہیں، ان کی آواز بجلی کی کڑک معلوم ہو رہی ہے مہربانی کر کے انہیں سمجھائیے کہ ذرا آرام سے بات کریں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں، بہت ساری باتیں جو کہی گئی ہیں وہ irrelevant ہیں ان کا اس موشن کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : بالکل نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : یہ دونوں sides پر ہوا ہے، یہ بات نہیں ہے کہ آپ نے بہت صحیح باتیں کی ہیں۔ آپ نے بھی وہی کچھ کہا جو انہوں نے کہا ہے۔ لیکن میں دو تین چیزوں پر اب بھی convinced نہیں ہوں۔ حاجی صاحب کے فلور لینے سے پہلے میرا خیال تھا کہ میں ایک دو چیزیں اور بھی آپ کو بتا دیتا جن کے بارے میں میرے ذہن میں اب بھی شک ہے کہ یہ صحیح ہیں یا غلط۔

ایک معزز رکن : میری کچھ تجاویز ہیں۔

جناب چیئرمین : پہلے آپ میری بات سن لیجئے، پھر تجاویز بھی دے دینا۔ پہلے تو یہ ہے یہ جو قاعدہ 173 ہے

It is appearing in the Chapter on 'Committees'. The Committees start with Standing Committees

اور اس میں دیا ہوا ہے کہ ان کا کیا رول ہے۔

Then Committee on Rules and Procedure and Privileges. House Committee and so on and so forth. Then, it comes to Other Committees,which means that the committees which were required for the purpose of processing of the Bills they have been dealt with already. Then there is a Special Committee—a Special Committee can be set up under certain circumstances, there is no doubt. Mr. Javed Jabbar moved a motion with regard to the affairs in Thar. There could have been a Special Committee of the House to go and investigate that. There could have been a Special Committee under a motion like this to go and suggest remedial measures actually for that area. But the

Special Committee—since it appears under 'Other Committees' it has nothing to do with the Committees which are required to deal with legislation. This was the point one. Number two اور آپ نے بھی اور حاجی صاحب نے بھی both of you have laid stress that it can be even refered then to the Select Committee. There also, if you look at the provision of Rule 88, it is just not the Select Committee, it is the same Select Committee which had examined the earlier Bill and then there is another, I think, very significant provision in that if I remember correctly Rule 88:

> "where a Bill has been referred to a Select Committee, the member-incharge may, after presentation of the final report by the Select Committee, move-

What we are referring to with regard to the amendment to clauses.

حاجی محمد سیف اللہ خان: قاعدہ 88 (iii) بھی پڑھ لیجئے۔

**Mr. Chairman:** This is what I am reading, 88 (i) in which it says;

(i) "Where a Bill has been referred to a Select Committee, the Member-Incharge may after presentation of the final report by the Select Committee, move—

(a) that the Bill as reported by the Select Committee be taken into consideration; or

(b) that the Bill as reported by the Select Committee be referred to the same Committee again either—

(i) as a whole, or

(ii) with respect to particular clauses or amendments only, or

(iii) with instructions to make some particular or additional provision in the Bill; or"

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Sub-Rule (iii) is clear.

**Mr. Chairman:** Sub-rule of Rule 88.

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Yes Sir, اسی کے متعلق میں نے کہا ہے

**Mr. Chairman:** If the Member-Incharge moves that the Bill as reported by the Select Committee be taken into consideration any member may move—

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Any member may move.

**Mr. Chairman:** He has not moved first.

حاجی محمد سیف اللہ خان : وہ تو میں نے پہلے کہہ دیا ہے۔

**Mr. Chairman:** Let him first move that the Bill as the amendments are concerned should be referred to the Select Committee then the right accrues to any other Member to move an amendment also to that Bill. But it is not that *ipso facto* the right is with the members. The right is only with the Member-Incharge.

Then two or three points have been made. I think the point was that the House or the majority of the House have a right to pass any law. I think, this is undenied. This is the democratic principle, many of you have raised from the floor the slogan of the majority; the tyranny of the majority and I have always replied that in a democracy you have to submit to the tyranny of the majority but that tyranny has to be according to some rules, some conventions, some traditions; and this was the point that I was referring to.

کہ ہاؤس سے باہر کے لوگوں کو بھی ابھی محترم حاجی صاحب نے فرمایا کہ consult کیا جائے۔

Now, I went over those stages right from the beginning. The Standing Committee was there. They could have examined any number of people. Almost 15 lac of opinion were received. The people, outside the House, they were all consulted. Then there was a Select Committee. They again had the right to call people. Then under Article 230 or 229 of the Constitution it was referred to the Council of Islamic Ideology, their opinion came and they were also, free to consult anybody. Now, if this is done again, what is, then, the necessity to consult people again? How has that arisen? And when people doubt the intention not of individuals but of the Treasury Benches or of the

Government as such, it is because of this that having passed through all these stages yet another opportunity is being sought in order to consult people?

Then the next point made was

کہ بل کے پاس کرنے میں کوئی دشواری نہ ہو۔

Now, what is the '*dushwari*'? I really don't see. You are at the second reading of the Bill. You have a perfect right to move any amendment that you wish, and that amendment can be debated. You can put it to the House and you can throw out the entire Bill. I think, at one stage I don't know whether I have told this House or outside that there is a problem in logic.

مسئلہ ہے logic کا' کہ ایک گارمنٹ ہے جس میں اتنے ٹانکے لگائے گئے ہیں کہ original کپڑے کا ایک ٹکڑا بھی اس میں باقی نہیں رہا۔ وہ نیا جامہ ہے یا وہی پرانا جامہ۔ اور اس کو آپ کیا کہیں گے۔

So, that Bill can be changed to that extent. But you follow the rules. You have the majority and if you move an amendment, if it is approved by the House, this is how laws should be decided.

Then you come again to.........I think one claim was made which I would like to test, and for that I am prepared to adjourn the House also and give an opportunity to the honourable Minister that there have been hundred and one precedents where Special Committees have been appointed in order to examine Bills at the stage when they are at the clause by clause reading stage. I would like to see those examples and I would stand corrected.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, there is one clarification which I think I would like to draw your attention to, Sir. This is Rule 174. Now, Rule 172 under the heading 'Other Committees' which deals with the Select Committee. Then, Rule 173 which deals with the Special Committee and then Sir, Rule 174. It says:

> "In the absence of special provisions relating to a Select Committee or a Special Committee, the provisions

[Mr. Wasim Sajjad]

> relating to the Standing Committees shall apply *mutatis mutandis* to a Select Committee and a Special Committee."

**Mr. Chairman:** This is with regard to the working of the committees.

**Mr. Wasim Sajjad:** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** And there are provisions both with regard to the Standing Committee as well as the Special Committee.

**Mr. Wasim Sajjad:** There are special rules as to how the Bill will come from the Standing Committee through the House? What will happen on that?

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Wasim Sajjad:** And the same provisions have been made applicable to Special Committee. When the Bill comes back from the Standing Committee, what is going to happen? The rules have been very clearly laid down what is happening?

**Mr. Chairman:** This all has been spelled out in very great details.

This Rule 174 starts with the words:

> "In the absence of a special provision relating to a Select Committee".

Select Committee is provided there. Standing Committee is provided there. The procedure is prescribed there.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, what I am saying is that the procedure which is prescribed deals with Bills and also tells us what is to happen when the Standing Committee finalizes its recommendations on a Bill? How it is claimed to come through the House?

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Wasim Sajjad:** Now, the same provisions have been made applicable to the Special Committee, *i.e.* once the Special Committee finalizes its recommendations on a Bill, and when it comes back to the House the same procedure will apply. But what I was going to suggest was Sir, that this is an important matter. It is coming up for the first time. May be you would also like to hear the Attorney General on it and if you so desire, Sir,....

**Mr. Chairman:** Well. Somehow I think, we have an Attorney General but I have not seen the face of him.

حاجی محمد سیف اللہ خان : سر انہیں بھی بلالیں۔ He would also give his views.

**Mr. Chairman:** He is there to assist the House on these very technical issues. I would not have requested you, in fact, if the Attorney General had been there. He is supposed to give independent objective advice.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, whenever he is required by you, he will come. Normally he is not required and he is a very busy man and he has to deal with other work. But whenever you so require him, he will be present, and on a matter like this if you.......

قاضی حسین احمد : جناب والا ! ہاؤس اگر آپ adjourn کریں گے تو یہی وہ چاہتے ہیں۔ یعنی یہی وہ تاخیری حربے استعمال کر کے وقت ضائع کرتے ہیں۔ اگر آپ adjourn کریں گے تو یہ اس میں precedences one hundred and one لانا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد اب اٹارنی جنرل بھی آئے گا یہ تو ہمارا وقت ضائع ہو گا۔

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Sir, I have accepted the challenge.

**Mr. Chairman:** The question which I had in mind was again referring to Rule 88 that this was with respect to particular clauses or amendments only. Now, if the intention was that at this stage a Bill can also be referred to a Special Committee under Rule 173, nothing was easier than to provide in this very clause that with respect to particular clauses or amendments only instead of sending to the same Select Committee or to a Special Committee under Rule 173, the very fact

[Mr. Chairman]

that there is a provision under Rule 173 regarding the constitution of a Special Committee. But this reference is only to the same Select Committee and not to the Special Committee.

جہاں تک حاجی صاحب! آپ کے چیلنج کا تعلق ہے۔ چیلنج کا اس میں کوئی سوال نہیں۔ لیکن میں جو چاہوں گا وہ یہ چیز ہوگی کہ ایک بل سیکنڈ ریڈنگ clause by clause reading پہ ہے' اور اس وقت یہ سب مرحلوں سے گزر چکا ہے یعنی سٹینڈنگ کمیٹی' سلیکٹ کمیٹی' کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی eliciting public opinion وغیرہ پھر اس کو amendment کی خاطر ایک سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا گیا ہے I would like to have clarification on this point.

باقی سپیشل کمیٹی کے لئے یہ ہے کہ سپیشل کمیٹی کسی کام پہ بن سکتی ہے' آئین کی ترمیم پر آپ نے بنائی تھی' پولٹیکل پارٹیز پر بنائی تھی کئی ایک اور چیزیں ہیں جن پر وہ بن سکتی ہے۔ amendment جب اس سٹیج پہ ہو کہ یہ second reading پہ ہو تو مجھے کوئی اور مثال نہیں مل سکتی..........

حاجی محمد سیف اللہ خان : انشاءاللہ میں پیش کروں گا۔

**Mr. Chairman:** I will stand corrected in that case.

تو اس میں تاخیر تو ہوگی لیکن تاخیر اس میں بھی ہوگی دوسرا آپ نے فرمایا کہ اور کوئی طریقہ کیا ہے۔ طریقے دو تین ہیں ایک تو یہی ہے کہ ترامیم آپ move کریں آپ نے ترامیم فائل کی ہوئی ہیں اس پر opposition ہوگی پھر پہلا میرے خیال میں قاضی حسین احمد صاحب کا حق ہے۔ آپ لوگ oppose کریں گے۔ اس پر بحث شروع ہو سکتی ہے۔

And that debate you can continue indefinitely, if you indulge in filibustering also.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, we have no desire.

**Mr. Chairman:** That is one. Secondly, I think that was not taken note of the suggestion which was made by Prof. Khurshid. If there is a difficulty and I think Haji Sahib has suggested—

کہ باہر کے لوگوں کو بھی consult کرنا ہے۔

What is it that we are doing all this time. The Senate was called after July for the first time.

**Mr. Wasim Sajjad:** We had a short session, Sir.

**Mr. Chairman:** We had a short session. But what is it that the Government, the people, the Incharge of this Bill on the Government side, were doing in the meantime? How is it that every time when this Bill comes under consideration then we think of calling a meeting? How is it that every time we are saying that the motive should not be doubted? The Committee will submit its report as soon as possible. Now, what has that meant 'as soon as possible'? We have waited for all these committees to submit their reports for the last two years, and this is why on the last occasion when the Members, the movers of the Sharia Bill were not there, I had requested the Government that one way or the other to end the misery of this Bill. I think, the whole country has been kept on tenterhooks whether the Bill is going to be passed or rejected.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, I think, we are very clear that in this state as it is, we are not going to pass it, Sir, and that is very clear.

**Mr. Chairman:** You are most welcome to it, and I think, this is the role of the majority of a House. You are most welcome to move your amendments and then to debate them and on the basis of the merit of those amendments, decide them.

تو اس میں میرے خیال میں ابھی تو چونکہ اس موشن کی validity doubt میں ہے۔

One other thing I might say that the motion is not the property of the House. I have allowed it to be read for the reason that other should also know what the motion contains. But unless I hold the motion to be in order, I don't think it would be—then, I would not be able to put it to the House. Because that is my discretion whether I would put the question on the basis of this motion.

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Sir, unless you read the motion.........

**Mr. Chairman:** This is exactly.....

حاجی محمد سیف اللہ خان : میں بادب عرض کروں گا کہ پارلیمنٹری پریکٹس کے تابع جو جناب ارشاد فرمائیں وہ بالکل صحیح ہو گا۔ اس میں ہمیں کوئی انکار نہیں اور

We have to abide by that. It is our duty.

اصول یہ ہوتا ہے کہ کسی رکن کو حق دے سکتے ہیں کہ تم اپنی موشن پڑھو۔ اس کے پڑھنے کے بعد اگر کوئی اعتراض بھی نہیں کرتا تو بھی وہ moved تصور نہیں ہوگی۔ یہ موشن کے نوٹس پہلے آپ کے پاس آجاتے ہیں۔ validity کا آپ چیمبر میں بھی فیصلہ کر سکتے ہیں۔ آپ کو حق ہے۔ لیکن آپ ایوان میں موشن پڑھوا لیتے ہیں اور خود بھی اس کو پڑھ لیتے ہیں تو It is treated to have been moved. جب تک آپ خود پڑھیں گے نہیں۔ It shall not be moved. ممبر کے پڑھنے سے move نہیں ہوتی unless it is repeated by the Chair.

**Mr. Chairman:** Right.

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** When it is treated to be moved, it becomes the property of the House.

یہ ہے پارلیمنٹری پریکس۔ ویسے آپ جو مرضی آئے کہیں۔

جناب چیئرمین : لیکن یہ جو ہے کہ ممبر move کرے This is only for the purposes of making the others understand. کہ کیا move ہوا ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : وہ ممبر کے پڑھنے سے ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین : روز آپ یہی فیصلہ کرتے ہیں تحریک التوا اور تحریک استحقاق کا۔ اس میں Chair شاید نہیں پڑھتی۔ لیکن اصول وہی ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : میں نے تو کہا آپ جس طرح مرضی آئے کریں۔ پارلیمنٹری پریکٹس کے تابع moved اسے کہا جاتا ہے

When a motion is read by the Chair. *i.e.* a member reads and then Chair repeats, if Chair repeats the motion, it is treated to be moved. صرف ممبر کے پڑھنے سے move نہیں ہوتی اور پڑھنے کے دوران Chair کو حق ہے کہ خود repeat کرنے سے پہلے He should satisfy himself کہ یہ in order ہے یا نہیں۔

**Mr. Chairman:** I think, the Chair still has the right to put a question to the House and that question is based if the Chair comes to the conclusion that yes this motion is valid under a particular law.

Shall we move on to the next business?

**Haji Muhammad Saifullah Khan:** Yes.

**قاضی حسین احمد** : اس کے بارے میں کیا ہوا۔

**جناب چیئرمین** : اس کو میرے خیال میں on Sunday, next Private Members' Day پر رکھ لیتے ہیں۔

They will have to quote the precedents.

**حاجی محمد سیف اللہ خان** : اٹارنی جنرل کو بھی بلا لیں جناب۔

**جناب چیئرمین** : اٹارنی جنرل کو بھی بلا لیتے ہیں۔

Then, in the light of that we can decide.

کہ آگے کس طریقے پر چلنا ہے۔

**مولانا سمیع الحق** : جناب والا ! اگر آپ اس پر فیصلہ دے دیتے تو بہت بہتر ہوتا آپ کے سامنے سب پہلو آ گئے ہیں۔ ان کو pending کرنے کی بجائے اپنی صوابدید کے مطابق فیصلہ دے دیں۔

**جناب چیئرمین** : چونکہ کہا گیا ہے کہ ایسی مثالیں ہیں جو مجھے نہیں ملی ہیں۔ تو یہ Un-democratic ہو گا On my part also to say کہ نہیں، میں ان کو سننے کے لئے بھی تیار نہیں ہوں۔

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! اگر واقعی اس حکومت کی نیت درست ہے جیسا کہ وہ دعویٰ کرتے ہیں اور ہم کیوں اس پر شک کریں تو یہ مسئلہ ایک ہفتے میں حل ہو سکتا ہے اگر واقعی یہ اس کے بارے میں مخلص ہیں۔ یہ اگلے اتوار کو یہاں پھر بحث کرنا چاہتے ہیں اس پر کہ اس کو مؤخر کر دیا جائے یا اس کو زیر غور لایا جائے۔ اس کی بجائے یہ بات کر سکتے ہیں اگر انہوں نے کوئی ارادہ کیا ہے۔ ہم تو ان کو کہتے ہیں کہ کوئی فیصلہ کریں۔ اس حکومت کے اندر جان نہیں ہے کہ یہ کسی مسئلے میں فیصلہ کر سکے۔

جناب چیئرمین : آپ جان وغیرہ کی بات نہ کریں۔ اس کی وضاحت ہونی چاہئے کہ آئندہ جب یہ آئے گا تو بحث صرف اس پر ہو گی کہ یہ تحریک قاعدہ 173 کے تحت valid ہے یا نہیں ہے۔ اس سٹیج پر جب کہ بل کی دوسری خواندگی جاری ہے۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! یہ بات نہیں ہے کہ آپ ان کے دلائل نہ سنیں۔ اگر آپ اتنی مہربانی کر دیں کہ اس کو پرائیویٹ ممبرز ڈے تک نہیں بلکہ کل پرسوں جو اجلاس ہو رہا ہے اس میں آپ ان کے دلائل سن لیں۔ اور اس سے پہلے پہلے اس کا کوئی فیصلہ ہو جائے۔

جناب چیئرمین : وہ بھی میرے خیال میں قانون کے خلاف ہو گا۔ رولز کے خلاف ہو گا۔ جوگیزئی صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : یہاں اس ایوان میں زیادہ تر ایک دوسرے پر شک کی بات تھی۔ یہ شک کرتے ہیں کہ حکومت یہ معاملہ اسی طرح سے ٹال رہی ہے۔ آپ ترامیم کو دیکھیں بہت سی ترامیم بالکل ایک جیسی ہیں۔ جس پر اعتراض ہے اس کو میرے خیال میں آپ سپیشل کمیٹی کے سپرد کریں۔

جناب چیئرمین : ابھی تو اس کا فیصلہ ہی نہیں ہوا کہ سپیشل کمیٹی ہم نے بنانی بھی ہے یا نہیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : بات دراصل یہ ہے کہ جہاں تک شریعت خدا و رسولؐ کا قانون ہے اس سے کسی نے انکار نہیں کیا۔ اختلاف فقہ پہ ہے۔ میرے خیال میں یہ باتیں آپس میں بیٹھ کر ایک دوسرے کو زیادہ اچھے طریقے سے سمجھا سکتے ہیں۔ اس لئے اس کو اتنا طول دینے کا فائدہ بھی نہیں ہے۔

**Mr. Chairman:** We move to the next item.

Discussion on the following resolutions moved by Syed Abbas Shah on the 8th of February سید صاحب تو ہیں ہی نہیں۔ This was also opposed. Then, further discussion on the resolution moved by Maulana Kausar Niazi on the 2nd of August 1987. He is not here either. So, these will have to be postponed to some other day, next Private Members' Day rather.

## THE PAKISTAN WELFARE STATE BILL, 1987

**Mr. Chairman:** The next is Legislative Business. Nawabzada Jehangir Shah Jogezai to move for leave to introduce 'The Bill to Provide For A Welfare State [The Pakistan Welfare State Bill, 1987].' You have simply to ask for leave whether you are permitted to move the Bill or not.

اس میں تقریر نہیں ہو سکتی۔ صرف درخواست ہوتی ہے ایوان سے کہ مجھے اجازت دی جائے کہ میں اس بل کو move کروں۔

**Nawabzada Jehangir Shah:** May I take leave of the Chair to move this Bill in the House.

**Mr. Chairman:** Not of the Chair, it is for the House to grant you leave.

**Nawabzada Jehangir Shah:** May I take leave to move this......

**Mr. Chairman:** I am told that you don't want to seek leave, you are suggesting something else.

**نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی :** میں اس کا پہلے تعارف کرانا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین :** چلیں پڑھیں۔

**نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی :** پہلے میں یہ بتا دوں کہ کیا چاہتا ہوں پھر اس کے بعد ضرورت ہوئی تو۔

**جناب چیئرمین :** بتایئے کہ آپ کیا چاہتے ہیں۔

**نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی :** جناب عالی ! ہمارا دعویٰ ہے کہ اسلام مکمل ضابطہ حیات

[Nawabzada Jehangir Shah]

ہے۔ ایک تو وہ انسان کو انسانیت کا ضابطہ سکھاتا ہے۔ انسان کو وہ رتبہ دیتا ہے جو فرشتوں سے افضل ہے۔ دوسرے وہ معاشرے میں ایسے قوانین نافذ کرتا ہے کہ جس سے ایک دوسرے کے حقوق کا تحفظ ہوتا ہے۔ جان و مال کا تحفظ ہوتا ہے غریب اور امیر میں خاص فرق نہیں رہتا۔ محبت اور اخوت کی فضا ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین : یہ تو آپ کے بل کے پری ایمبل میں ہونا چاہئے۔ میرے خیال میں اگر آپ نے بل کو انٹروڈیوس ہی کرنا ہے تو اس کے لئے پھر leave ضروری ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : یہ تو میں عرض کر چکا کہ میں اس وقت صرف یہ تعارف کراتا ہوں تاکہ ایوان کو یہ علم ہو کہ میں چاہتا کیا ہوں۔ پھر اس کے بعد میں ایوان کے تیور دیکھوں گا۔ اگر اس نے کہا ٹھیک ہے تو میں move کر دوں گا اگر وہ نہیں کہے گا تو میں خواہ مخواہ اس کو کیوں پیش کروں۔ بل یہ ہے

Almighty *Allah* in *Quran* has stated that the poor have share in your wealth, therefore, the State is responsible for catering all the needs of the people. The Constitution of Pakistan also add that establishment of Welfare State through the various provisions laid down in the Principles of Policy. The Bill seeks to.........

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پوائنٹ آف آرڈر جناب۔ کورم پورا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں پورا ہے۔ شاید نہیں ہے۔ دیکھ لیتے ہیں۔ نہیں۔ پورا نہیں ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : اگر کم کرنا ہے تو دو تین آدمی نکل جائیں کم ہو جائے گا۔

**Mr. Chairman:** I think, if you are not serious at this stage to move the Bill then please withdraw it actually.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : یہ اللہ میاں کی تلوار سے ذبح ہی کر دیں گے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : میں بعد میں موشن پیش کروں گا۔

**Mr. Chairman:** So, at this stage you withdraw the Bill.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : اچھا جی۔ دوسرا بل جو ہے۔

I am very serious about it.

جناب وسیم سجاد : اس کی تو باری ہی نہیں آئی ابھی۔

جناب چیئرمین : اس سے پہلے قاضی حسین احمد صاحب کا ہے۔ اگر کورم پورا نہیں ہے تو پھر اجلاس ملتوی کرنا پڑے گا۔

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, if my honourable friend is not serious about this Bill how did it find its place on the Orders of the Day?

**Mr. Chairman:** No, but now he has changed his mind. He wants to withdraw it. It has been with us for quite sometime there is no doubt about it.

میرے خیال میں کورم پورا نہیں ہے۔

Well, the sitting is adjourned to meet again on the 29th September, 1987 at 5.00 P.M.

---

*[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Tuesday, 29th September, 1987].*

---

PCPPI—1372(88) Senate—18-5-91—300.